صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی
E-mail: Tijaratnewshd@gmail.com
Cell: 0313-1176161
چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد 26 | شمارہ: 42 | 19 تا 25 اکتوبر 2026ء | صفحات: 4 | قیمت: 15 روپے

وزیر خزانہ: خلیجی توانائی تنصیبات پر حملے پاکستان کے معاشی مستقبل کیلئے خطرناک ہیں

نومبر تک کی ضروریات پوری کرنے کے لیے توانائی کے وافر ذخائر حاصل کر لیے ہیں، پاکستان نے توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے فوری اثرات کا بخوبی مقابلہ کیا ہے، ہمیں کسی قسم کی قلت کا سامنا کرنا پڑا

فروری میں امریکا اور اس کے اتحادی اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف جنگ شروع کیے جانے کے بعد عالمی سطح پر توانائی کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، محمد اورنگزیب

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے خبر رساں ادارے اے ایف پی کو بتایا کہ ایران جنگ کے باعث توانائی کی قیمتوں میں غیرمعمولی اضافے کے جھٹکے کو پاکستان نے اب تک برداشت کیا ہے تاہم سعودی عرب اور خلیجی ممالک کے دیگر حصوں میں توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر حملے ملک کے طویل مدتی معاشی مستقبل کے لیے تشویش ناک ہیں۔ بنکاک میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر ایک انٹرویو میں محمد اورنگزیب نے کہا کہ جنوبی ایشیائی ملک پاکستان نے نومبر تک کی ضروریات پوری کرنے کے لیے توانائی کے وافر ذخائر حاصل کر لیے ہیں اور اب سردیوں کے مہینوں کی منصوبہ بندی کر رہا ہے، جب عموماً گھریلو ضروریات میں نمایاں اضافہ ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا پاکستان نے توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے فوری اثرات سے بخوبی نمٹا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

حکومت کا ایف بی آر کی ازسرنو تشکیل پر غور

کوششوں کے باوجود ایف بی آر کی کارکردگی بہتر نہ ہونے پر یہ متبادل زیر غور آیا ہے

چند افسران کو اس بارے میں منصوبہ تیار کرنے کی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت قومی محاصل میں اضافے کے لیے نیا ٹیکس وصولی ادارہ قائم کرنے یا موجودہ مشینری کی مزید تنظیم نو کرنے پر غور کر رہی ہے، متعدد اصلاحاتی کوششوں کے باوجود فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی کارکردگی تسلی بخش نہ ہونے کے باعث یہ متبادل زیر غور آیا ہے، سرکاری حکام کے مطابق چند روز قبل اعلیٰ سطح کے اجلاس میں پہلی مرتبہ مکمل طور پر نیا ادارہ قائم کرنے کا خیال پیش کیا گیا۔ اس کے بعد ایف بی آر کے اندر بھی مشاورت شروع ہوگئی، چیئرمین ایف بی آر راشد لنگڑیال نے چند افسران کو وزیراعظم شہباز شریف کے سامنے پیش کرنے کے لیے منصوبہ تیار کرنے کی ذمہ داری سونپی ہے، قبل ازیں وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق ایف بی آر کو 19 اکتوبر کو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے نئے سفیر ڈاکٹر راج ملاقات کے بعد مصافحہ کر رہے ہیں

غلط فہمی کا جواب دشمن کے تصور سے بڑھ کر ہوگا، اسٹریٹجک کمانڈر

پاکستان پرامن ملک ہے جو تحمل، مذاکرات اور علاقائی استحکام کو ترجیح دیتا ہے

جوہری ہتھیاروں سے لیس خطے میں جنگ کی کوئی گنجائش نہیں ہے، جنرل سید عامر رضا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا نے خبردار کیا کہ خطے میں کسی بھی غلط فہمی کا جواب دشمن کے تصور سے بڑھ کر دیا جائے گا۔ انہوں نے زور دیا کہ جوہری ہتھیاروں سے لیس خطے میں جنگ کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان سرحد پار سے جارحیت یا اپنی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کی کسی بھی خلاف ورزی کو برداشت نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی دشمن پاکستان کے امن کے عزم کو کمزوری نہ سمجھے اور نہ ہی ہمارے تحمل کو عزم کی کمی سے تعبیر کرے۔ مسلح افواج ملک کے ایک ایک انچ کے دفاع کے لیے تیار ہیں۔ جنرل عامر رضا نے کہا کہ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

مہنگی بجلی کے باعث فائیو جی اور اے آئی سرمایہ کاری متاثر ہونے کا خدشہ

پاکستان کی بڑی ٹیلی کام کمپنیوں نے وزیراعظم سے مطالبہ کیا ہے کہ لائسنس یافتہ ٹیلی مواصلاتی بنیادی ڈھانچے کو صنعتی بجلی ٹیرف فراہم کیا جائے کیونکہ بجلی کے بڑھتے اخراجات 5 جی نیٹ ورکس، فائبر کنیکٹیویٹی اور مصنوعی ذہانت سے ہم آہنگ ڈیٹا سینٹرز میں سرمایہ کاری کو متاثر کر رہے ہیں

مشترکہ خط میں جاز، زونگ، یوفون، ٹیلی نار اور پی ٹی سی ایل کے سربراہان نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں اور قوانین میں ٹیلی کام شعبے کو صنعت تسلیم کیے جانے کے باوجود اسے صنعتی بجلی نرخوں کی سہولت نہیں دی جا رہی ہے، کمپنیوں کے مطابق آئندہ تین سال میں 2 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا عزم کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی بڑی ٹیلی کام کمپنیوں نے وزیراعظم شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ لائسنس یافتہ ٹیلی مواصلاتی بنیادی ڈھانچے کو صنعتی بجلی ٹیرف فراہم کیا جائے، کیونکہ بجلی کے بڑھتے اخراجات 5 جی نیٹ ورکس، فائبر کنیکٹیویٹی اور مصنوعی ذہانت (اے آئی) سے ہم آہنگ ڈیٹا سینٹرز میں سرمایہ کاری کو متاثر کر رہے ہیں۔ وزیراعظم کو مشترکہ خط میں جاز، زونگ، یوفون، ٹیلی نار اور پی ٹی سی ایل کے سربراہان نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں اور قوانین میں ٹیلی کام شعبے کو صنعت تسلیم کیے جانے کے باوجود اسے صنعتی بجلی نرخوں کی سہولت نہیں دی جا رہی۔ کمپنیوں کے مطابق آئندہ تین سال میں 5 جی نیٹ ورک کی تنصیب اور فائبر نیٹ ورک کی توسیع کے لیے 2 ارب ڈالر کی سرمایہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
SUBSCRIBE NOW
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0313-1176161
TikTok

7.711 ارب روپے مالیت کی اسمگل شدہ اور ممنوعہ اشیاء تلف

منشیات، بھارتی مقدار میں شراب کے ساتھ زائد المیعاد اور جعلی مصنوعات بھی شامل تھیں

یہ کارروائی کسٹمز ایکٹ کے تحت مقررہ قانونی طریقہ کار کے مطابق عمل میں لائی گئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو انسداد اسمگلنگ کی کارروائیوں میں ضبط کی جانے والی 7.711 ارب روپے مالیت کی اسمگل شدہ اور ممنوعہ اشیاء تلف کردی ہیں۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے مطابق ایف بی آر کے ماتحت اداروں کلکٹریٹ آف کسٹمز (انفورسمنٹ)، کراچی نے کلکٹریٹ آف کسٹمز (ایئرپورٹ)، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ (جے آئی اے پی) کراچی کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

پاکستان نے بھارتی وزیر کے پاکستان مخالف بیانات مسترد کر دیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے پاکستان مخالف بیانات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہیے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے تیار ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

انکم ٹیکس ریفنڈز کی ادائیگی کے لیے طریقہ کار وضع کرنے کی ہدایت

کراچی ٹیکس بار ایسوسی ایشن کی درخواست پر اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ

غیر ملکی سرمایہ کاری کے طریقہ کار سے متعلق تقاضوں کو آسان بنایا جائے، کے ٹی بی اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے کراچی ٹیکس بار ایسوسی ایشن کی درخواست پر انکم ٹیکس ریفنڈز کی کارروائی تیز کرنے اور ان کی ادائیگی کے لیے مقررہ مدت کا طریق ؟ کار وضع کرنے کی ہدایت کردی۔ کے ٹی بی اے کے مطابق ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے ایف بی آر کے دفتر میں چیئرمین سے ملاقات کی جس میں دونوں جانب کے سینئر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

APBMIA تجارت اور معیشت کی بہتری کے لیے قائم کی گئی ہے

رجسٹرڈ امپورٹرز، مینوفیکچررز اور ٹریڈرز فوری ممبرشپ حاصل کر کے اس جدوجہد میں عملی طور پر شامل ہو جائیں

تمام اسٹیک ہولڈرز کا مستقبل محفوظ بنانے کے ساتھ قومی خزانے کو ہر ماہ اربوں روپے کی ادائیگی بھی یقینی بنائی جائے، عہدیداران کا بیان

کراچی (کامرس رپورٹر) آل پاکستان بیٹل نٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے تجارت نیوز کو موصول ہونے والی پریس ریلیز کے مطابق ایسوسی ایشن کے ذمہ داران کا کہنا تھا کہ چھالیہ کی قانونی امپورٹ سے وابستہ صنعتکار، تاجر اور مینوفیکچرز کو طویل عرصے سے درپیش مسائل کے پیش نظر APBMIA کا قیام عمل میں لایا گیا، اور اس معتبر پلیٹ فارم کے ذریعے منسٹری فوڈ، کسٹمز اور دیگر متعلقہ محکموں کے ساتھ روابط میں تسلسل اور بہتری کے لیے فوری اقدامات شروع کردیے گئے ہیں تاکہ اس صنعت سے منسلک تمام اسٹیک ہولڈرز کا مستقبل محفوظ بنانے کے ساتھ ٹیکسوں اور ڈیوٹیز کی مد میں قومی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

کالے بچھوؤں کی فروخت، 24 ارب روپے بینکوں میں پھنس گئے

12 سال قبل ایکسپورٹ کرنے والوں کے پیسے آج تک نہ مل سکے، متاثرین نے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا

سماعت کے دوران اسٹیٹ بینک سمیت متعدد بینکوں نے جواب داخل کرنے کے لیے مہلت مانگ لی ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) 2014 میں 24 ارب روپے کے کالے بچھو ایکسپورٹ کرنے والوں کے پیسے آج تک بینکوں میں پھنسے ہوئے ہیں اور برآمدکنندگان اس حوالے سے درخواست لے کر سندھ ہائی کورٹ پہنچ گئے، اطلاعات کے مطابق درخواست گزاروں کے وکیل نے موقف اپنایا کہ انہوں نے سن 2014 میں ایک جرمن کمپنی کو 24 ارب روپے مالیت کے بچھو فروخت کیے تھے، جبکہ جرمن کمپنی نے اسی سال رقم بینکوں میں منتقل کردی تھی لیکن طویل عرصہ گزر جانے کے بعد بھی بینکوں کی جانب سے یہ رقم جاری نہیں کی جا رہی ہے، وکیل نے موقف اپنایا کہ درخواست گزاروں نے قانونی طریقے سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

روسی عہدیدار کی تقریر، اسٹیئرنگ کمیٹی اجلاس سے مندوبین کا واک آؤٹ

آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے دوران بھی گہری تقسیم دیکھنے میں آئی

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع کے مطابق بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی اسٹیئرنگ کمیٹی کے اجلاس سے اس وقت متعدد مندوبین واک آؤٹ کر گئے جب روسی وزیر خزانہ انتون سیلوانوف نے گروپ سے روسی زبان میں خطاب کیا۔ فروری 2022 میں یوکرین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

پاک، چین مشترکہ فوجی مشق قراقرم 2026 کا آغاز ہوگیا

مشق میں ڈرون آپریشنز، دوران حرکت اہداف کی تلاش اور فائرنگ کی خصوصی تربیت شامل ہے

سنکیانگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین اور پاکستان کے درمیان دفاعی تعاون میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے اور دونوں ممالک کی پہلی مشترکہ فوجی مشق "قراقرم 2026" سنکیانگ میں جاری ہے۔ حکام کے مطابق چین کے صوبے سنکیانگ کے شہر کورلا میں پاک۔ چین مشترکہ فوجی مشق (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

آبنائے ہرمز بند ہے، خلاف ورزی کرنے والے جہازوں کو تباہ کر دیں گے، ایران

امریکہ رات کے اندھیرے میں ایک آدھ جہاز نکال کر کہتا ہے آبنائے کھلی ہے، یہ اسمگلنگ ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا تھا کہ پاسداران انقلاب والے فرار ہوگئے اور اب ہرمز امریکی فوج کے کنٹرول میں ہے تاہم ایران کی پاسداران انقلاب نیوی نے ایک بار پھر آبنائے ہرمز کو بند قرار دیتے ہوئے دنیا بھر کے بحری جہازوں کو خبردار کیا ہے کہ جو بھی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

وزیراعظم کا سعودی عرب کے تحفظ کے لیے حمایت کا اعادہ

شہباز شریف سے پاکستان میں سعودی عرب کے نو منتخب سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پاکستان کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے مملکت پر حوثی باغیوں کے حالیہ بڑھتے حملوں کی مذمت کی۔ سرکاری بیان کے مطابق شہباز شریف نے پاکستان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے روسی وزیر داخلہ ولادیمیر کولوکولتسیف مصافحہ کر رہے ہیں

پہلی سہ ماہی محصولات کی وصولی کا مقررہ ہدف عبور

ابتدائی اعداد و شمار کے مطابق جولائی تا ستمبر 3,053 ارب روپے ہدف سے زیادہ 3,083.5 ارب روپے جمع ہوئے

خالص ٹیکس وصولیوں میں گزشتہ مالی سال میں جمع کیے گئے 2,889 ارب روپے کے مقابلے میں تقریباً 7 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کیلئے محصولات کی وصولی کا مقررہ ہدف عبور کر لیا ہے۔ ابتدائی اعداد و شمار کے مطابق 3,053 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں 3,083.5 ارب روپے جمع کیے گئے۔ یہ کامیابی سپر ٹیکس کے خاتمے، جائیدادوں پر ود ہولڈنگ ٹیکس میں کمی، تنخواہ دار طبقے کیلئے انکم ٹیکس کی شرح میں کمی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)



قومی اسمبلی اجلاس میں بلاول بھٹو، خواجہ آصف، نذیر تارڑ اور طارق فضل خطاب کر رہے ہیں

سرکاری خریداری میں دھاندلیوں کی نشاندہی کے لیے اے آئی نظام تشکیل

پاکستان میں سالانہ تقریباً 60 ارب ڈالر سرکاری خریداری پر خرچ ہوتے ہیں

کھربوں روپے کی خریداری کی نگرانی دستی جانچ سے ممکن نہیں ہے، چیئرمین سی سی پی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کمپیٹیشن کمیشن آف پاکستان (سی سی پی) نے سرکاری خریداری میں دھاندلیوں (بڈ رگنگ) اور ممکنہ گٹھ جوڑ کی نشاندہی کے لیے مصنوعی ذہانت (اے آئی) پر مبنی نظام تیار کر لیا ہے۔ چیئرمین سی سی پی فرید احمد تارڑ کے مطابق پاکستان میں سالانہ تقریباً 60 ارب ڈالر سرکاری خریداری پر خرچ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

ایف بی آر نے اے ڈی آر سی کمیٹی ارکان کے لیے معاوضے کی حد مقرر کردی

چیئرمین کو یکمشت 3,00,000 روپے اور ہر رکن کو 1,50,000 روپے کا معاوضہ دیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 5 کروڑ روپے تک کی متنازعہ ٹیکس لائبلٹی سے متعلق ٹیکس تنازعات کے حل کے لیے آلٹرنیٹ ڈسپیوٹ ریزولوشن کمیٹی (اے ڈی آر سی) کے چیئرمین کے لیے یکمشت 3,00,000 روپے اور ہر رکن کے لیے 1,50,000 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

دستاویزات کی تصدیق کیلئے ڈیجیٹل نظام فعال کر دیا گیا

وزارت خارجہ نے ای سرٹیفکیٹ گھر بیٹھے حاصل کرنے کی سہولت بھی فراہم کردی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت خارجہ نے دستاویزات کی تصدیق کے عمل کو آسان بنانے کے لیے ڈیجیٹل اٹیسٹیشن سسٹم فعال کر دیا ہے، جس کے ذریعے شہری گھر بیٹھے آن لائن درخواست جمع کرا سکیں گے اور تصدیق مکمل ہونے کے بعد انہیں ای سرٹیفکیٹ ای میل کے ذریعے موصول ہوگا، وزارت خارجہ کے مطابق نیا نظام 12 اکتوبر 2026 سے فعال کیا گیا ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

جدید بسوں کی نئی کھیپ نومبر تک کراچی پہنچ جائے گی

شرجیل انعام کی شنگھائی میں بس مینوفیکچرنگ کمپنیوں کے حکام سے ملاقاتیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ میں پبلک ٹرانسپورٹ کو مزید بہتر اور جدید بنانے کے لیے بسوں کی نئی کھیپ نومبر تک کراچی پہنچ جائے گی۔ محکمہ اطلاعات سندھ کے اعلامیہ کے مطابق سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے شنگھائی میں بس مینوفیکچرنگ کمپنیز کے حکام سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر یوٹونگ بس مینوفیکچرر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر مسٹر ابن شین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

آئی ایم ایف: مہنگائی اور قرضہ عالمی معیشت کے لیے بڑا خطرہ

مہنگائی کے باعث مختلف ممالک کے لیے قرضوں کی ادائیگی مشکل ہوتی جا رہی ہے

آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاس کے موقع پر کرسٹالینا جارجیوا کے خدشات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف نے مصنوعی ذہانت، مہنگائی اور بڑھتے قرضوں کو عالمی معیشت کے لیے بڑے خطرات قرار دے دیا۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی سربراہ کرسٹالینا جارجیوا نے عالمی معیشت کے مستقبل کے حوالے سے امید اور خدشات دونوں کا اظہار کیا ہے۔ آئی ایم ایف اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

ہوٹلز ایسوسی ایشن کے وفد کی راولپنڈی چیمبر کے نومنتخب عہدیداران سے ملاقات

نئی قیادت کو ریسٹورنٹ کی صنعت کو درپیش اہم مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا

راولپنڈی (کامرس رپورٹر) انٹرسٹی ہوٹلز ایسوسی ایشن کے صدر اور آل راولپنڈی ریسٹورنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین شیخ عبدالوحید کی قیادت میں ایک وفد نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نو منتخب عہدیداران سے ملاقات کی اور انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

پاکستانی فری لانسرز کا نیا سنگ میل، ستمبر میں ریکارڈ زرمبادلہ وصول

گزشتہ ماہ کے دوران فری لانسرز کی برآمدی آمدن ریکارڈ 19 کروڑ 70 لاکھ ڈالرز تک پہنچ گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی فری لانسرز نے ڈیجیٹل اکانومی میں نیا سنگ میل عبور کرتے ہوئے ریکارڈ قائم کر دیا ہے اور ستمبر 2026 میں ملکی تاریخ کا سب سے زیادہ ماہانہ زرمبادلہ کمایا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ماہ فری لانسرز کی برآمدی آمدن ریکارڈ 19 کروڑ 70 لاکھ ڈالرز رہی، جس میں ستمبر 2026 میں سالانہ بنیاد پر 49 فیصد جبکہ ماہانہ بنیاد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

بجلی کی قیمت میں 2.56 روپے فی یونٹ اضافے کی تیاری

نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی، سی پی پی اے کی درخواست پر 29 اکتوبر کو سماعت کرے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں بجلی مزید مہنگی ہونے کا امکان ہے، جس کے لیے حکومت قیمت میں 2.56 روپے فی یونٹ اضافے کی تیاری کر رہی ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) کی جانب سے ماہانہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمت 2 روپے 56 پیسے فی یونٹ بڑھانے کے لیے نیپرا سے باضابطہ درخواست کردی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

پبی: پاک و ملائشین افواج کا انسداد دہشت گردی مشق "ہریماؤ مارخور IV" کے اختتام پر گروپ فوٹو

وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ شنگھائی کے میئر سے ملاقات کر رہے ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ
تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 42) 19 تا 25 اکتوبر 2026ء فون- 0313-1176161 Email:Tijaratnewshd@gmail.com

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

U.S. Dollar	USD	277.50 PKR	278.10 PKR
Euro	EUR	310.55 PKR	315.53 PKR
British Pound	GBP	365.91 PKR	371.91 PKR
UAE Dirham	AED	75.75 PKR	76.50 PKR
Saudi Riyal	SAR	73.85 PKR	74.50 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	884.95 PKR	895.75 PKR
Canadian Dollar	CAD	193.29 PKR	198.20 PKR
Australian Dollar	AUD	191.74 PKR	196.25 PKR
Omani Riyal	OMR	719.30 PKR	730.75 PKR
Japanese Yen	JPY	1.73 PKR	1.83 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	68.00 PKR	69.05 PKR
Qatari Riyal	QAR	74.99 PKR	75.79 PKR
Bahrain Dinar	BHD	734.25 PKR	746.05 PKR
Thai Bhat	THB	8.35 PKR	8.95 PKR
Chinese Yuan	CNY	38.35 PKR	38.98 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	34.95 PKR	35.78 PKR
Danish Krone	DKK	42.95 PKR	43.55 PKR
New Zealand Dollar	NZD	153.81 PKR	158.25 PKR
Singapore Dollar	SGD	215.44 PKR	220.60 PKR
Norwegians Krone	NOK	28.50 PKR	28.85 PKR
Swedish Krona	SEK	28.60 PKR	28.95 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 432,500	Rs. 370,810
22k	Rs. 396,459	Rs. 339,907
21k	Rs. 378,441	Rs. 324,460
20k	Rs. 360,513	Rs. 309,088
18k	Rs. 324,377	Rs. 278,108
14k	Rs. 252,303	Rs. 216,314
12k	Rs. 252,303	Rs. 185,405

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Karachi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Lahore	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Islamabad	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Rawalpindi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Peshawar	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Quetta	Rs. 5,808	Rs. 6,767

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 308 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 308 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 386.3 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 396.96 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 272.29 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 329.54 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	Y 12.52 ^ 0.13 KEL 6.05 ^ 0.09 PIBTL 13.52 ˅ -0.06 TPLRF1 9.01 ^ 0.64 PAEL 33.96 ^
KSE ALL SHARE	.52 ^ 0.13 PRL 93.07 ^ 1.95 TREET 23.72 ^ 1.47 WTL 0.99 ˅ -0.01 DSIL 18.07 ^ 1.64
KSE 30	und. ˅ No Data Found. ˅ No Data Found. ˅ No Data Found. ˅ No Data Found. ˅ No Data
KMI30	und. ˅ No Data Found. ˅ No Data Found. ˅ No Data Found. ˅ No Data Found. ˅ No Data
ALL SHARE ISLAMIC	.52 ^ 0.13 PRL 93.07 ^ 1.95 TREET 23.72 ^ 1.47 KEL 6.05 ^ 0.09 PIBTL 13.52 ˅ -0.06
BATI	˅ -0.17 BAFL 56.3 ^ 0.08 NBP 158.42 ˅ -2.32 UBL 416.91 ˅ -2.4 HBL 295.76 ˅ -4.1 M
OGTI	^ 0.59 OGDC 306.12 ˅ -2.54 MARI 639.22 ˅ -0.39 PPL 218.94 ^ 0.59 OGDC 306.12 ˅ -

فرانس، پرتشدد ہنگاموں میں تاریخی ٹاؤن ہال نذر آتش، مارکیٹوں میں لوٹ مار

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) فرانس میں مہنگائی کے خلاف مظاہرے پرتشدد ہنگاموں میں تبدیل ہو گئے، فرانس کے شہر لیموج میں نقاب پوش مظاہرین نے 143 سال پرانے تاریخی ٹاؤن ہال کو آگ لگا دی، جس سے عمارت کی چھت گر گئی۔ فرانس میں ستمبر کے وسط میں پیرس کے شمالی مضافات میں طلبہ نے اساتذہ کی کمی اور اسکولوں کی ناقص عمارتوں کے خلاف احتجاج شروع کیا جو بعد ازاں یہ مہنگائی، ایندھن کی بڑھتی قیمتوں، عدم مساوات اور عوامی خدمات کی خراب صورتحال کے خلاف ملک گیر مظاہروں میں تبدیل ہو گیا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق مارسیلی میں مظاہرین نے سٹی ہال میں گھس کر فرانسیسی جمہوریہ کی قومی علامت ماریان کا مجسمہ الٹ دیا اور فرنیچر توڑ دیا جبکہ لیل شہر میں میئر کے دفتر میں بھی توڑ

پھوڑ کی۔ مظاہرین نے مختلف شہروں میں مہنگے برانڈز کی دکانوں اور سپر مارکیٹوں میں لوٹ مار کی اور پولیس کی گاڑیوں اور اہلکاروں پر حملے کیے۔ پیرس سمیت مختلف شہروں میں مظاہرین اور پولیس کے درمیان جھڑپیں ہوئیں، پولیس نے مظاہرین کو منتشر کرنے کے لیے آنسو گیس اور واٹر کینن کا استعمال کیا۔ دوسری جانب فرانسیسی وزیر اعظم سباسٹین لیکورنو نے کہا ہے کہ حکومت تشدد سے مرعوب نہیں ہوگی۔ انہوں نے اگلے سال ہونے والے صدارتی انتخابات سے چند ماہ قبل ملک میں بدامنی کا ذمہ دار انتہائی بائیں بازو کے عناصر اور جرائم پیشہ افراد کو قرار دیا۔ انہوں نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں کہا، "ان لوگوں سے جو واضح طور پر اس تشدد کو صدارتی انتخابات سے پہلے تیاری کی مشق کے طور پر استعمال کرنا چاہتے ہیں، میں صاف کہتا ہوں کہ کوئی بھی تشدد کے ذریعے اپنا سیاسی ایجنڈا مسلط نہیں کر سکے گا۔ لیکورنو نے تاثرہ مقامات کا دورہ کرتے ہوئے مزید بتایا کہ مظاہروں کے سلسلے میں تقریباً 1,200 افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔

کاکروچ مومنٹ کے بانی ایک روز قید میں رہنے کے بعد رہا

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت کی عدالت نے نوجوانوں کی 'کاکروچ' تحریک کے رہنما کو رہا کر دیا۔ انہیں ایک روز قبل نئی دہلی میں ایک اور احتجاجی ریلی کی قیادت کرنے کی کوشش پر حراست میں لیا گیا تھا۔ مظاہرین ملک کے چیف الیکشن کمشنر سے استعفے کا مطالبہ کر رہے تھے۔ کاکروچ جنتا پارٹی (سی جے پی) کے بانی ابھجیت ڈیکے رواں سال اس وقت نمایاں ہوئے جب کئی ہفتوں تک جاری رہنے والے دھرنے نے بھارت کے وزیر تعلیم کے استعفے میں کردار ادا کیا۔ سی جے پی کے شعب؟ قانونی امور کی سربراہ رتنا سنگھ نے بتایا کہ ڈیکے کو بعض شرائط تسلیم کرنے کے بعد رہا کیا گیا۔ تاہم انہوں نے ان شرائط کی تفصیلات نہیں بتائیں۔ ڈیکے کی نوجوانوں پر مشتمل جماعت، اپوزیشن جماعتوں اور طلبہ تنظیموں نے رواں ماہ تقریباً روزانہ

احتجاجی مظاہرے کیے ہیں۔ مظاہرین چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار سے استعفے کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ ان کا الزام ہے کہ ووٹر فہرستوں پر نظر ثانی کے عمل سے وزیر اعظم نریندر مودی کی بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو فائدہ پہنچایا جا رہا ہے۔ ووٹر فہرستوں پر نظر ثانی کے دوران 13 کروڑ سے زائد ووٹروں کے نام خارج کیے گئے۔ الیکشن کمیشن نے کسی بھی سیاسی جماعت کی حمایت کرنے کے الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ جن ووٹروں کے نام غلطی سے خارج ہوئے ہیں، وہ دوبارہ اندراج کرا سکتے ہیں۔ بی جے پی نے مخالفین پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ جائز انتخابی عمل پر بلا جواز سوالات اٹھا کر جمہوریت کو کمزور کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ طلبہ کی سرگرم کارکن نہا بورا کو بھی جمعے کے روز حراست میں لیا گیا تھا۔ وہ اپنے درجنوں حامیوں کے ساتھ وسطی دہلی پہنچنے کی کوشش کر رہی تھیں۔ انہیں ہفتے کے روز رہا کر دیا گیا۔ رہائی کے بعد بورا نے خبر رساں ادارے اے این آئی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا براہ کرم بھارت کے عوام کو مزید پریشان نہ کریں۔ گیانیش کمار کے خلاف مواخذے کی کارروائی شروع کریں اور ایس آئی آر (خصوصی جامع نظر ثانی) کا عمل روکیں، تاکہ اس ملک کے عام شہری سکون کا سانس لے سکیں، اطمینان محسوس کریں اور ان کے حقِ رائے دہی کو یقینی بنایا جا سکے۔

مسلسل 32 سال ایک نمبر پر لاٹری کھیلنے کا صلہ کروڑوں روپے انعام کی صورت میں ملا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ایسی مستقل مزاجی اور ثابت قدمی شاید ہی کسی نے دیکھی ہو۔ نومبر 1994ء میں برطانیہ میں مشہور "لوٹو" لاٹری کا آغاز ہوا تو برطانوی شہر، گلوسٹر میں واقع لونگ لیونز اے ایف سی نامی

فٹ بال کلب کا صدر، بل ڈیوس بھی آ سے کھیلنے لگا۔ اور اگلے بتیس سال تک وہی چھ نمبر لاٹری ٹکٹ پر لکھتا رہا۔ آخر اس کی طویل محنت و مشقت رنگ لائی اور پچھلے ماہ 1 ملین پاؤنڈ (تقریباً پونے 37 کروڑ روپے) کا انعام نکل آیا۔ سبھی کلب والوں نے خوشی منائی۔ دلچسپ بات یہ کہ یہ بھاری رقم نہ بل ڈیوس کو ملے گی نہ افراد میں تقسیم ہوگی، بلکہ کلب کی ترقی و بڑھوتری میں کام آئے گی۔

امریکا: منہ سے سب سے زیادہ کاغذی جہاز پکڑنے کا عالمی ریکارڈ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست آئیڈاہو سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے اپنی 13 سالہ بھتیجی کے ساتھ مل کر ایک منٹ میں منہ سے 20 کاغذی جہاز پکڑ کر سب سے زیادہ کاغذی جہاز پکڑنے کا

گینیز ورلڈ ریکارڈ توڑ دیا۔ 200 سے زائد گینیز ورلڈ ریکارڈز اپنے نام رکھنے والے ڈیوڈ رش نے بتایا کہ انہوں نے کئی سال پہلے کاغذی جہازوں سے متعلق یہ ریکارڈ توڑنے کا سوچا تھا لیکن جب انہیں معلوم ہوا کہ کاغذی جہاز کی نوک چہرے پر لگنے سے تکلیف ہوتی ہے تو انہوں نے یہ کوشش مؤخر کر دی۔ رش نے دوبارہ ریکارڈ بنانے کا فیصلہ اس وقت کیا جب انہیں کاغذی جہاز کی ایک ایسی قسم ملی جس کی نوک کند تھی۔ اگرچہ اس کی نوک لگنے سے چبھن محسوس ہوتی تھی لیکن یہ خطرناک ہونے کے بجائے محض تکلیف دہ تھی۔ ریکارڈ توڑنے کے لیے رش نے اپنی بھتیجی ایلی کی مدد حاصل کی، جس نے ان کے چہرے کی جانب کاغذی جہاز پھینکے۔ ڈیوڈ رش نے اپنی ویب سائٹ پر اپنے تجربے سے متعلق لکھا کہ ایلی کو پہلی ہی کوشش سے ایڈوانٹیج حاصل تھا۔ جہاز پھینکتے وقت اس کا زاویہ زیادہ بلند تھا اور اس کا انداز بھی حیرت انگیز طور پر مستقل تھا۔ یہ کوئی حیرت کی بات نہیں تھی کیونکہ وہ فٹ بال کی بہترین گول کیپرز میں سے ایک ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ دونوں نے ایک پورا دن مشق کرتے ہوئے گزارا اور اس دوران سیکڑوں بار کاغذی جہاز پھینکے، یہاں تک کہ ان کے درمیان درست وقت اور ہم آہنگی پیدا ہوگئی اور وہ عالمی ریکارڈ بنانے کی کوشش کے لیے تیار ہو گئے۔

دنیا بھر میں وقت کے نظام میں تبدیلی کا فیصلہ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا بھر کے وقت کے ماہرین نے کمپیوٹر سسٹمز کو لاحق خطرات اور تاریخ میں پہلی بار منفی لیپ سیکنڈ شامل کرنے کے امکان کے پیشِ نظر عالمی وقت میں اضافی سیکنڈ شامل کرنے کا سلسلہ ختم کرنے کے حق میں فیصلہ کیا ہے۔ دنیا میں وقت کے آفیشل معیار کے طور پر استعمال ہونے والے نظام میں 20 مئی 2027 سے لیپ سیکنڈ شامل نہیں کیے جائیں گے۔ وزن اور پیمائش سے متعلق جنرل کانفرنس (CGPM) کی جانب سے یہ فیصلہ جمعرات، 15 اکتوبر 2026 کو کیا گیا۔

معاشی استحکام کیلیے نظر انداز کیا جانے والا اہم ترین پہلو

پاکستان کی معاشی استحکام کی کوششیں اکثر برآمدات، ترسیلاتِ زر اور بیرونی مالی معاونت کے گرد گھومتی رہتی ہیں۔ تاہم ایک اہم پہلو جسے اکثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے وہ ملکی بینکاری نظام میں موجود غیر ملکی کرنسی ذخائر ہیں۔ پاکستانی سیاحت ادائیگیوں کا دباؤ اور شرح مبادلہ میں اتار چڑھاؤ کے تناظر میں یہ ذخائر صرف صارفین کی بینکاری پراڈکٹ نہیں بلکہ قومی معیشت کے لیے ایک اسٹریٹجک بفر کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ فارن کرنسی ڈپازٹس بیرونی جھٹکوں کے خلاف حفاظتی ڈھال فراہم کرتے ہیں۔ جب انہیں ریگولیٹڈ بینکوں میں رکھا جاتا ہے تو یہ زرمبادلہ کی لیکویڈیٹی کو بہتر بناتے ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر کو سہارا دیتے ہیں اور مہنگے قلیل مدتی قرضوں پر انحصار کم کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ پورٹ فولیو سرمایہ کاری کے برعکس، جو اتار چڑھاؤ کا شکار ہو سکتی ہے، FCDs خصوصاً سمندر پار پاکستانیوں، برآمد کنندگان اور غیر ملکی روابط رکھنے والے اداروں کی وجہ سے مستحکم ہوتے ہیں کیونکہ یہ ملک کے ساتھ طویل المدتی معاشی اور جذباتی تعلقات میں جڑے ہوتے ہیں۔ پاکستانیسیاحت میکرو اکنامک استحکام کے علاوہ غیر ملکی کرنسی ذخائر مالیاتی نظام کی اس صلاحیت کو بھی نمایاں کرتے ہیں جو تجارت، سرمایہ کاری اور سرحد پار مالی سرگرمیوں کو سہارا دیتی ہے۔ درآمدات، برآمدات اور خدمات سے وابستہ کاروباروں کو غیر ملکی کرنسی تک فوری اور براہ راست رسائی حاصل ہوتی ہے، جس سے نہ صرف کرنسی کی تبدیلی کے اخراجات میں کمی آتی ہے بلکہ شرح مبادلہ کے اتار چڑھاؤ سے جڑے خطرات بھی کم ہو جاتے ہیں۔ خاص طور پر بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کے لیے FCDs قابل اعتماد مالی رابطے کا ذریعہ ہیں جو زر کی قدر کو محفوظ رکھتے ہوئے پاکستان کے مالیاتی نظام کے ساتھ مسلسل اور مضبوط تعلق برقرار رکھتے ہیں۔ پاکستانیسیاحتا ایف سی ڈیز کی حقیقی افادیت کا انحصار صرف معاشی جواز پر نہیں بلکہ اعتماد، پالیسی کا تسلسل اور عملی سہولت پر بھی ہے۔ ماضی میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں اور غیر یقینی صورتحال نے ڈپازٹرز کی رسائی، شفافیت اور خدمات کے معیار کے حوالے سے حساسیت کو بڑھا دیا ہے۔ اس تناظر میں ریگولیٹرز اور بینکوں دونوں پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ پالیسی کے استحکام، پیش گوئی اور صارفین کے اعتماد کو ہر سطح پر یقینی بنائیں۔ FCDs کو غیر فعال بچت کے ذریعے کے بجائے فعال اور مربوط مالیاتی ٹول میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لیے بغیر کسی رکاوٹ کے ڈیجیٹل رسائی، شفاف اور معقول فیس اسٹرکچر، عالمی سطح پر قابل قبول استعمال اور بین الاقوامی لین دین کی سہولت ان فنڈز کو باقاعدہ مالیاتی نظام میں رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔ جب صارفین غیر ملکی کرنسی کو فعال طور پر استعمال کرنے کے قابل ہوتے ہیں تو وہ غیر رسمی یا آف شور متبادل راستوں کی طرف جانے کے بجائے انہیں ملک کے اندر رکھنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس تبدیلی کی ایک اہم وجہ ڈیبٹ کارڈز کو غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس کے ساتھ مربوط کرنا ہے۔ ایسے ذرائع اکاؤنٹ ہولڈرز کو بین الاقوامی ادائیگیوں، بیرون ملک نقد رقم نکالنے اور سرحد پار اخراجات کو بغیر کسی رکاوٹ کے منظم کرنے کی سہولت فراہم کرتے ہیں، جس سے غیر ملکی کرنسی بینکاری صارفین کی توقعات کے عین مطابق ہو جاتی ہے۔ اس تناظر میں نجی بینک نے بروقت اور فیصلہ کن قدم اٹھایا۔ غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس کے ساتھ منسلک ڈیبٹ کارڈز کا اجراء نہ صرف صارفین کے لیے سہولت اور عملی افادیت میں اضافہ کرتا ہے بلکہ پاکستان کے ریگولیٹڈ بینکاری نظام میں غیر ملکی زرمبادلہ کو برقرار رکھنے کے وسیع تر قومی مقصد کو تقویت بھی دیتا ہے۔ ایف بی ایل کا صارف مرکوز حل اور میکرو اکنامک بصیرت کو یکجا کرنے کا مقصد اس حقیقت کو اجاگر کرنا ہے کہ جدت اور مالی استحکام ایک دوسرے کو مستحکم کر سکتے ہیں۔ پاکستان سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بحالی، برآمدات میں اضافہ اور ترسیلات زر کے تسلسل کو برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا ہے، ایسے میں غیر ملکی کرنسی ذخائر مالیاتی استحکام کا بنیادی ستون ہوں گے۔

25 نومبر کو پاکستان کا پہلا خلا باز خلائی مشن پر روانہ ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کے وژن کے تحت سپارکو کے تعاون سے نارووال میں پہلی مرتبہ عالمی ورلڈ اسپیس ویک 2026 منایا گیا جس کا مقصد نوجوان نسل میں خلائی علوم، سائنسی تحقیق اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے۔ نارووال میں ورلڈ اسپیس ویک کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ 25 نومبر کو پاکستان کا پہلا خلا باز چین کے خلائی مرکز سے خلائی مشن پر روانہ ہوگا، جبکہ پاکستان نے 2035 تک چاند پر لینڈنگ کا ہدف مقرر کیا ہے۔ چین کے تعاون سے پاکستان خلائی تحقیق کے میدان میں نئی بلندیوں کو چھوئے گا۔ پاکستانیسیاحتو فاقی وزیر نے کہا کہ خلائی ٹیکنالوجی زراعت، مواصلات، موسمیاتی تبدیلیوں، تعلیم اور قومی سلامتی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلائی تحقیق مستقبل کی ترقی، سائنسی دریافتوں اور انسانی علم کے فروغ کے لیے ناگزیر ہے۔

چیٹ جی پی ٹی نے کوڈنگ ٹاسک کے لیے کرپٹو کرنسی چرا لی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) اوپن اے آئی نے انکشاف کیا ہے کہ کمپنی کے ایک تجرباتی اے آئی ماڈل نے تربیتی اسائنمنٹ مکمل کرنے کے لیے کرپٹو کرنسی کے والیٹس سے رقم چرانے کا راستہ اختیار کیا۔ رپورٹ کے مطابق اس معاملے (جو جون میں پیش آیا لیکن اس کی تفصیلات جمعرات کو سامنے آئیں) میں اوپن اے آئی کے ایک اندرونی تحقیقی ماڈل جی پی ٹی-5.6 سول کا ذکر کیا گیا ہے جسے جولائی میں ادائیگی کرنے والے چیٹ جی پی ٹی صارفین کے لیے متعارف کرایا گیا تھا۔ ماڈل کو دیے گئے اسائنمنٹ میں کرپٹو کرنسی کی تجارت سے متعلق ایک ایپلی کیشن کو اپ ڈیٹ کرنا اور ایتھیریم کے ٹیسٹ نیٹ ورک پر اسمارٹ کانٹریکٹس، یعنی مخصوص خودکار کوڈ، شائع کرنا شامل تھا۔ اسمارٹ کنٹریکٹس شائع کرنے کے لیے نیٹ ورک فیس درکار ہوتی ہے لیکن اوپن اے آئی نے اس کام کے لیے ماڈل کو کوئی رقم فراہم نہیں کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق مطلوبہ رقم دستیاب نہ ہونے پر ماڈل نے ایسے سیکڑوں کرپٹو والیٹ ایڈریسز تلاش کیے جن کی رسائی معروف ریکوری فریز کے ذریعے ممکن تھی اور ان اکاؤنٹس سے رقم چرانے کی کوشش کی۔

امریکا: گھوڑی کی 13 فٹ 6 انچ لمبی دم، گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم

اوہائیو (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست اوہائیو کے ایک گھوڑے کی دم نے اسے گینیز ورلڈ ریکارڈ کا اعزاز دلا دیا۔ اس گھوڑی کی دم کی آفیشلی پیمائش کی گئی تو اس کی لمبائی 13 فٹ اور 6 انچ نکلی۔ جینی نامی اس گھوڑی کی مالکن میکنزی لو اور ریچل ایسٹس ہیں۔ جینی 2019 میں میکنزی لو کی 13 ویں سالگرہ کے موقع پر انہیں تحفے میں دی گئی تھی۔ میکنزی لو نے گینیز ورلڈ ریکارڈز کو بتایا کہ جینی کو حاصل کرنے سے پہلے مجھے بتایا گیا تھا کہ جب وہ چھوٹی تھی تو اس نے اپنی دم خود ہی کھینچ کرا کھاڑ لی تھی۔

سمندر کی تہہ میں چلنے والی انوکھی مچھلی، ویڈیو دیکھیں

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) سمندر کی گہرائیوں میں ایک ایسی انوکھی مچھلی کی ویڈیو سامنے آئی ہے جو تیرنے کے بجائے اپنے پروں کی مدد سے سمندر کی تہہ پر چلتی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔ ویڈیو میں نظر آنے والی اس مچھلی کو ریڈ لپڈ بیٹ فش کہا جاتا ہے، جو اپنی غیر معمولی شکل اور شوخ سرخ ہونٹوں کی وجہ سے پہچانی جاتی

ہے۔ ٹیوی دیکھیں اس مچھلی کی سب سے دلچسپ خصوصیت یہ ہے کہ یہ اپنے مخصوص پروں کو ٹانگوں کی طرح استعمال کر کے سمندر کی تہہ پر آگے بڑھ سکتی ہے۔ ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مچھلی اپنے پروں کے سہارے آہستہ آہستہ چل رہی ہے، جیسے کوئی جانور زمین پر قدم اٹھا رہا ہو۔ ٹیوی دیکھیں ریڈ لپڈ بیٹ فش عام مچھلیوں کی طرح تیزی سے تیرنے کے بجائے سمندر کی تہہ پر حرکت کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

آبنائے ہرمز میں سمندر پر تیرتے آئی فونز اور مہنگے پرفیومز کی ویڈیو وائرل

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) آبنائے ہرمز میں ایک مال بردار جہاز ڈوبنے کے بعد سمندر پر تیرتے آئی فونز اور مہنگے پرفیومز کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ ویڈیو میں سمندر کی سطح پر پرفیوم کی بوتلوں کے پیکٹ اور آئی فونز کے ڈبے بکھرے دکھائی دیتے ہیں، جبکہ چھوٹی کشتیوں میں سوار افراد پانی سے یہ سامان نکالتے

نظر آتے ہیں۔ ابتدائی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ دبئی سے سامان لے کر روانہ ہونے والا سنگاپور کا پرچم بردار کنٹینر جہاز 'جی ایف ایس پرائیڈ' بدھ کے روز ایک حملے کے بعد آگ لگنے سے ڈوب گیا۔ تاہم، وائرل ویڈیو کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ اطلاعات کے مطابق جہاز میں لگ بھگ ڈھائی ہزار کنٹینرز موجود تھے، جن میں قیمتی پرفیومز اور آئی فونز بھی شامل تھے۔ بحریہ ایران کی پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ جہاز آبنائے ہرمز میں بحری بارودی سرنگ سے ٹکرانے کے بعد ڈوبا، کیونکہ وہ ان کے بقول غیر مجاز راستے سے گزر رہا تھا۔ دوسری جانب سمندری حکام کا کہنا ہے کہ جہاز کو ایک نامعلوم نوعیت کے پروجیکٹائل سے نشانہ بنایا گیا تھا۔ یوں جہاز ڈوبنے کی اصل وجہ سے متعلق مختلف دعوے سامنے آئے ہیں۔ سنگاپور کی میری ٹائم اینڈ پورٹ اتھارٹی کے مطابق جہاز کے عملے کے تمام 21 ارکان کو بحفاظت نکال لیا گیا اور کسی کے زخمی ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ ادھر سمندر میں تیرتے سامان کو چھوٹی کشتیوں کے ذریعے جمع کرنے کے مناظر بھی رپورٹ ہوئے ہیں۔ بحریہ یہ واقعہ آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں پر بڑھتے حملوں کے دوران پیش آیا ہے۔ گزشتہ دس روز میں اس اہم سمندری گزرگاہ کے آس پاس متعدد واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں ڈرون حملے بھی شامل ہیں۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ادارے کے مطابق 48 گھنٹوں کے دوران ٹینکروں اور دیگر تجارتی جہازوں کو نشانہ بنانے کے کم از کم پانچ واقعات سامنے آئے۔

فولڈ ایبل آئی فون کی پری آرڈر بکنگ آدھے گھنٹے میں ختم!

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) معروف ٹیکنالوجی کمپنی ایپل کے نئے فولڈنگ اسمارٹ فون آئی فون ڈوو کی پری آرڈرز بکنگ شروع ہوتے ہی صارفین کی بڑی تعداد نے اسے خریدنے میں دلچسپی ظاہر کی جس کے باعث بکنگ شروع ہونے کے صرف آدھے گھنٹے بعد ہی خریداروں کو فون کی ڈیلیوری کے لیے کئی ماہ انتظار کرنے کا بتایا جانے لگا۔ ایپل نے گزشتہ ماہ ایک تقریب کے دوران آئی فون ڈوو متعارف کرایا تھا جس کے ساتھ آئی فون 18 پرو اور آئی فون 18 پرو میکس بھی پیش کیے گئے تھے۔

بقیہ 1 تجارت نیوز

ہمیں کسی قسم کی قلت کا سامنا کرنا پڑا، نہ پیٹرول پمپس پر قطاریں لگیں اور نہ ہی امن و امان کی کوئی صورت حال پیدا ہوئی، جیسا کہ بعض اوقات ہم نے دوسرے ممالک میں دیکھا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جب تک حکومت کو انتہائی ناگزیر ضرورت محسوس نہیں ہوتی، وہ مائع قدرتی گیس (ایل این جی) کے شعبے میں اسپاٹ کارگو نہیں خریدے گی، کیونکہ ان کی قیمت پہلے سے طے شدہ معاہدوں کے تحت حاصل ہونے والی گیس کی ترسیل کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہوتی ہے۔ فروری میں امریکا اور اس کے اتحادی اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف جنگ شروع کیے جانے کے بعد عالمی سطح پر توانائی کی قیمتوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے، کیونکہ تہران نے جوابی کارروائیوں میں واشنگٹن کے خلیجی اتحادیوں کو نشانہ بنایا اور تیل و گیس کی فراہمی محدود کر دی۔ دوسری جانب یمن میں خانہ جنگی دوبارہ شدت اختیار کر رہی ہے، جبکہ وہاں حوثی جنگجوؤں نے حالیہ دنوں میں سعودی عرب کے بنیادی ڈھانچے، بشمول توانائی کی تنصیبات اور ہوائی اڈوں، پر بار بار حملے کیے ہیں۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے صورت حال میں شدت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسی تنصیبات کو پہنچنے والا نقصان معاشی سرگرمیوں کی معمول کی صورت حال کی بحالی میں تاخیر کا سبب بنے گا۔ انہوں نے کہا؟ ہ اب تشویش ناک بات یہ ہے کہ جب توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا جانے لگتا ہے۔ ان کا کہنا تھا؟ ہ سچ کہوں تو مجھے نہیں معلوم کہ یہ صورت حال کہاں جا کر رکے گی۔ لیکن ایک بات بالکل واضح ہے کہ اگر بنیادی ڈھانچے پر حملے جاری رہے تو حالات میں کشیدگی کم ہونے کے باوجود معمول کی صورت حال بحال ہونے میں زیادہ وقت لگے گا۔ پاکستان بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے بارہا مالی معاونت حاصل کرنے والے ممالک میں شامل ہے۔ آئی ایم ایف ایسے ممالک کو آخری سہارا فراہم کرنے والا قرض دہندہ ہے جو قرضوں کی ادائیگی میں ناکامی کے دہانے پر پہنچ جاتے ہیں۔ 1947 میں آزادی حاصل کرنے کے بعد سے پاکستان اس وقت آئی ایم ای فنف کے ساتھ اپنے 25 ویں پروگرام پر عمل درآمد کر رہا ہے، جن میں سے کم از کم 11 پروگرام براہ راست مالی بیل آؤٹ کے لیے تھے۔ موجودہ پروگرام کی مالیت تین سال کے لیے تقریباً 7 ارب ڈالر ہے۔ رواں ماہ آئی ایم ایف نے 1.2 ارب ڈالر کی اگلی قسط جاری کرنے کے لیے معاہدے پر اتفاق کیا ہے۔ دنیا بھر میں قرضوں کا حجم بلند سطح پر ہونے کے باعث آئی ایم ایف نے اس سال کے سالانہ اجلاسوں میں تمام معیشتوں پر زور دیا ہے، حتیٰ کہ ایران جنگ کے اثرات سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک پر بھی کہ وہ ممکنہ بحران سے بچنے کے لیے مالیاتی استحکام اور اخراجات و آمدنی میں توازن کی پالیسی پر عمل کریں، محمد اورنگزیب نے ہلکی سی افسردہ مسکراہٹ کے ساتھ کہا خوش قسمتی سے ہم کچھ عرصے سے مالیاتی استحکام کی راہ پر گامزن ہیں۔ حالیہ برسوں میں پاکستان کی ٹیکس آمدنی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر خزانہ نے بتایا کہ حکومت نجی شعبے کے ان کاروباروں کے خلاف کارروائی کا ہدف رکھتی ہے جو صارفین سے سیلز ٹیکس وصول کرتے ہیں، لیکن اسے سرکاری کھاتوں میں جمع نہیں کراتے۔ محمد اورنگزیب کے مطابق ٹیکس کی اس چوری کی مالیت اربوں ڈالر بنتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انکم ٹیکس کی وصولی بڑھانے کے لیے بھی ”بہتری کی گنجائش“ موجود ہے، انہوں نے کہا کہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کو صنعت، لابنگ کرنے والے گروہوں اور اپنے مفادات کا تحفظ کرنے والے حلقوں کی جانب سے مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا جب بھی آپ جمود کو تبدیل کرنے کی کوشش کرتے ہیں تو ہر اصلاحات اور ہر اقدام کے خلاف مزاحمت سامنے آتی ہے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

جوتحمل، مذاکرات اور علاقائی استحکام کو ترجیح دیتا ہے، تاہم جارحیت کی صورت میں بھرپور جواب دیا جائے گا۔ یہ بیان اس وقت سامنے آیا ہے جب پاکستان نے بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے پاکستان مخالف بیانات کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہیے اور اسلام آباد اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے تیار ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار بریفنگ کے دوران کہا تھا کہ پاکستان کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دے گا، انہوں نے کہا کہ بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات سے سبق حاصل کرنا چاہیے جبکہ پاکستان اپنی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے کا جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ علاقائی صورت حال کا حوالہ دیتے ہوئے اسٹریٹجک کمانڈر نے کہا کہ عالمی جغرافیائی سیاست میں تبدیلیوں اور مشرق وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث پاکستان کی اسٹریٹجک اہمیت میں اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے اسلام آباد معاہدے کے ذریعے علاقائی استحکام کے فروغ میں پاکستان کے کردار کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ مکہ معاہدہ بھی پائیدار امن کے اسی وژن کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے فلسطینی عوام کی حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے شہریوں کے خلاف تشدد اور شہری بنیادی ڈھانچے کی تباہی کی مذمت کی۔ پاکستان کے عوام اور حکومت فلسطینیوں کی سفارتی، اخلاقی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے۔ جنرل عامر رضا نے مسئلہ کشمیر کو تقسیم ہند کا نامکمل ایجنڈا قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ان کی جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا۔ کمانڈر نے کہا کہ جدید جنگی ٹیکنالوجی میں تیز رفتار پیشرفت کے باعث جنگ کی نوعیت بدل رہی ہے اور روایتی عملی حکمت عملی اب بڑھتے ہوئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ناکافی ہوتی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے بدلتے ہوئے خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے متعدد شعبوں پر مشتمل تبدیلیوں کا عمل شروع کیا ہے۔ فارغ التحصیل ہونے والے کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے قیادت، پیشہ ورانہ مہارت، بہادری، نظم وضبط اور دیانتداری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کیڈٹس پر زور دیا کہ وہ جدید ٹیکنالوجی میں مہارت حاصل کریں اور بدلتے سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے چوکس رہیں۔ جنرل عامر رضا نے کہا کہ پاکستان کے مخالفین غلط معلومات پھیلانے، بیانیے کی جنگ، پراکسی دہشت گردی اور روایتی طریقوں سے ہٹ کر حربوں کے ذریعے قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کیڈٹس کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں پر توجہ مرکوز رکھیں اور پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں۔ پاسنگ آؤٹ پریڈ پاکستان ملٹری اکیڈمی کے 154 ویں لانگ کورس، 39 ویں ٹیکنیکل گریجویٹ کورس، 73 ویں انٹیگریٹڈ کورس اور 28 ویں لیڈی کیڈٹ کورس کے کیڈٹس کے لیے منعقد کی گئی۔ بنگلہ دیش، عراق، مالدیپ، فلسطین، قطر، سری لنکا، تاجکستان اور یمن کے کیڈٹس نے بھی اکیڈمی سے تربیت مکمل کی۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

وزیراعظم کے سامنے انسانی وسائل میں اصلاحات، ایف بی آر کی بہتری اور تنظیم نو سے متعلق جامع تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق نیا ادارہ قائم کرنے کی تجویز زیر غور ہونے سے متعلق سوال پر ایف بی آر کے ترجمان نے کہا تھا کہ ادارے میں اصلاحات ایک مضبوط اور مسلسل جاری عمل ہے، جس کے دوران درجنوں خیالات اور تجاویز زیر بحث آتی ہیں۔ اسی معاملے پر ایک اور جواب میں ایف بی آر نے تصدیق کی کہ وزیراعظم نے ادارے کو انسانی وسائل میں اصلاحات اور ایف بی آر کی ازسرنو تشکیل و تنظیم نو سے متعلق جامع تجاویز پیش کرنے کی ہدایت کی ہے اور اس سلسلے میں کام جاری ہے۔ ادارے نے واضح کیا کہ توجہ ایف بی آر میں اصلاحات پر ہے۔ ٹیکس وصولیوں کا کام کسی نجی کمپنی کے حوالے کرنے کی اطلاعات کو ترجمان نے مکمل طور پر بے بنیاد قرار دیا۔ ذرائع کے مطابق مشاورت ابھی ابتدائی مرحلے میں ہے اور ایف بی آر کے مستقبل کے ڈھانچے یا نئے محاصل وصولی ادارے کے حوالے سے کوئی حتمی تجویز منظور نہیں ہوئی۔ زیر بحث امور میں قومی ٹیکس ایجنسی کا قیام بھی شامل ہے۔ اگر ایف بی آر کے اختیارات کسی نئے ادارے کو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تو اس کے لیے متعدد قوانین میں ترامیم کرنا ہوں گی، جن میں ایف بی آر ایکٹ 2007 اور کم از کم چار ٹیکس قوانین شامل ہیں۔ ایک سرکاری عہدیدار کے مطابق اب تک زیر غور سوچ یہ ہے کہ ایف بی ا؟ رکو مکمل طور پر ختم نہیں کیا جائے گا جو افسران نئے قائم ہونے والے ادارے میں جانے کا انتخاب نہیں کریں گے، وہ موجودہ ادارے میں اپنی ریٹائرمنٹ تک خدمات انجام دے سکیں گے۔ ذرائع کے مطابق ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے میں ناکامی، ٹیکس وصولیوں کی مطلوبہ سطح حاصل نہ ہونا اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب میں جمود نئے ادارے کے قیام پر غور کی اہم وجوہات ہیں۔ ایف بی آر کے تبدیلی کے منصوبے کے نتائج سے متعلق سوال پر ترجمان نے کہا کہ اس منصوبے کے تحت دو سال میں ٹیکس وصولیاں 9 ہزار 200 ارب روپے سے بڑھ کر 13 ہزار ارب روپے ہوگئیں تاہم اس جواب میں زمینی حقائق کی مکمل عکاسی نہیں ہوتی، کیونکہ ترجمان نے ٹیکس وصولیوں میں اضافے کا سہرا تبدیلی کے منصوبے کو دیتے ہوئے اضافی ٹیکسوں اور معیشت کی معمولی شرح نمو کے اثرات کو بھی اس میں شامل کیا ہے۔ حکومت نے آئی ایم ایف پروگرام کے تحت بھاری ٹیکس عائد کیے تھے، جنہوں نے پہلے سال ٹیکس ٹو جی ڈی پی تناسب میں اضافے میں بھی کردار ادا کیا۔ دوسری جانب کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے نومبر 2024 میں چھ ماہ کے لیے 32.5 ارب روپے کے پہلے اخراجاتی پیکیج کی منظوری دی تھی۔ اس رقم میں سے ایک ہزار 87 نئی گاڑیاں خریدنے کے لیے 5.6 ارب روپے مختص کیے گئے، ایف بی ا؟ رکو ٹیکس نیٹ بڑھانے میں بھی مشکلات کا سامنا ہے، قومی ٹیکس نمبر رکھنے والے 19 ملین افراد میں سے جمعرات کی شام تک صرف 6.9 ملین افراد نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے تھے، جبکہ گزشتہ ٹیکس سال میں 8.5 ملین گوشوارے جمع ہوئے تھے۔ حکومت نے تاجروں کو مقررہ ٹیکس نظام میں لانے کی اسکیم بھی شروع کی تھی، جس کا مقصد 3.7 ملین خوردہ فروشوں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کرنا تھا۔ ان میں سے ایک ملین تاجروں کو رواں سال ٹیکس نیٹ میں لانے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا۔ ڈیجیٹل انوائسنگ اور پوائنٹ آف سیل (پی او ایس) نظام کو مربوط کر کے کاروباری لین دین کی حقیقی وقت میں نگرانی کی جارہی ہے، آڈٹ اور کلیئرنس کے لیے معاملات کے انتخاب میں مصنوعی ذہانت پر مبنی رسک مینجمنٹ نظام استعمال کیا جارہا ہے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

کاری کا عزم کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ڈیجیٹل معیشت کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اے آئی سے ہم آہنگ ڈیٹا سینٹرز بھی قائم کیے جا رہے ہیں۔ خط میں بتایا گیا کہ 2018 کے بعد ٹیلی کام مراکز پر لاگو تجارتی بجلی نرخوں میں تقریباً 197 فیصد جبکہ ایندھن کے اخراجات میں 300 فیصد اضافہ ہوا ہے، اس کے برعکس فی صارف اوسط آمدن تقریباً 22 فیصد کم ہوئی ہے۔ کمپنیوں نے مزید 5 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس کا بوجھ بھی اجاگر کیا۔ ٹیلی کام کمپنیوں نے موبائل سیلولر پالیسی 2004، فنانس ایکٹ 2021 اور متعلقہ حکومتی ہدایات کا حوالہ دیتے ہوئے صنعتی ٹیرف کی فراہمی کا جواز پیش کیا۔ ان کے مطابق اس معاملے پر متعلقہ اداروں کی مشترکہ ٹاسک فورس کا اجلاس 4 اگست 2026 کو بھی ہو چکا ہے، کمپنیوں کا کہنا ہے کہ صنعتی نرخوں سے آپریٹنگ اخراجات کم ہوں گے اور بچت 5 جی، دیہی علاقوں میں رابطوں اور فائبر نیٹ ورک کی توسیع پر خرچ کی جاسکے گی۔ ان کے تخمینے کے مطابق اس اقدام سے قومی بجلی گرڈ کا استعمال 15 سے 20 فیصد بڑھ سکتا ہے، تاہم ان اعداد وشمار کی آزادانہ تصدیق نہیں ہوئی۔ کمپنیوں نے حکومت سے صنعتی ٹیرف کے نفاذ کے لیے پالیسی ہدایت جاری کرنے یا ڈیجیٹل و ٹیلی کام بنیادی ڈھانچے کے لیے بجلی صارفین کی الگ کیٹیگری بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

خان نے ہفتہ وار بریفنگ کے دوران کہا کہ پاکستان کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دے گا۔ ترجمان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے بھارتی وزیر دفاع کے پاکستان مخالف بیانات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اپنی سلامتی کو لاحق کسی بھی خطرے کا جواب دینے کے لیے تیار ہے۔ واضح رہے کہ راج ناتھ سنگھ نے کہا تھا کہ پاکستان سے شروع ہونے والی دہشت گردی کی کسی بھی آئندہ کارروائی کا زیادہ سخت جواب دیا جائے گا۔ پاکستان نے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانے والے حوثیوں کے تازہ حملے کی بھی مذمت کرتے ہوئے سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے اپنی حمایت کا اعادہ کیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ شہری آبادی اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے والے حملے ناقابل قبول ہیں۔ انہوں نے سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معاہدے کے تحت مشترکہ دفاع سمیت مملکت کی سلامتی اور استحکام کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

نمائندوں نے ٹیکس دہندگان اور ٹیکس ماہرین کو درپیش مسائل، ٹیکس پالیسی اور انتظامی امور پر تبادلہ؟ خیال کیا۔ کے ٹی بی اے کے صدر محمود بکیہ نے ایسوسی ایشن کے ساتھ باقاعدہ رابطے اور مشاورت کے لیے ایف بی آر کے اقدام کو سراہا۔ مذاکرات میں مقیم اور غیر مقیم ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ کے ٹی بی اے نے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ریفنڈز کی بروقت ادائیگی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ٹیکس قوانین پر عمل کرنے والے ٹیکس دہندگان کو فی الحال اس بارے میں واضح آگاہی نہیں کہ اضافی ادا کردہ ٹیکس کب واپس کیے جائیں گے۔ کے ٹی بی اے کے مطابق چیئرمین ایف بی آر نے متعلقہ حکام کو ریفنڈز کی ادائیگی کے لیے مقررہ مدت پر مشتمل طریق؟ کار تیار کرنے کی ہدایت کی۔ ٹیکس بار نے ایف بی آر کو یہ بھی بتایا کہ متعدد ٹیکس دہندگان نے سیکشن 7 ای کے تحت ادا کردہ ٹیکس کی واپسی کے لیے اپنے گوشواروں میں ترمیم کی درخواستیں جمع کرائی تھیں تاہم یہ درخواستیں تاحال زیر التوا ہیں۔ ایسوسی ایشن نے زور دیا کہ 23 ستمبر 2026 کے خط کے ذریعے جاری کردہ ہدایات پر ان کی روح کے مطابق مکمل عمل درآمد کیا جائے۔ غیر ملکی سرمایہ کاری کے حوالے سے کے ٹی بی اے نے کہا کہ طریق؟ کار سے متعلق تقاضوں کو آسان بنایا جائے، ان کا اطلاق قانون کے مطابق ہو اور جہاں مناسب ہو، ان پر عمل درآمد کا بوجھ کم کیا جائے۔ ایسوسی ایشن نے مزید کہا کہ غیر مقیم ٹیکس دہندگان پر ایسی تعمیلی ذمہ داریاں عائد نہیں ہونی چاہییں جن کی قانون میں واضح طور پر صراحت نہ کی گئی ہو۔ ایسوسی ایشن نے سیلز ٹیکس جنرل آرڈر نمبر 25/2026 کے حوالے سے عملی مشکلات بھی اجاگر کیں۔ اس حکم نامے کے تحت رجسٹرڈ افراد کے لیے ایک ٹیکس دہندہ کے احاطے سے دوسرے کے احاطے میں سامان منتقل کرتے وقت مقررہ فارمیٹ میں اسٹاک ٹرانسفر نوٹ جاری کرنا لازم ہے۔ ایف بی آر حکام نے ان تحفظات کو تسلیم کرتے ہوئے کہا کہ معاملے کا داخلی مشاورت کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا۔ کے ٹی بی اے کے مطابق چیئرمین نے اس بات کا اعتراف بھی کیا کہ کاروباری اداروں کو اپنے سامان اور ریکارڈ زتحویل میں ہونے کی وجہ سے جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، وہ سنگین ہیں اور اس بات پر زور دیا کہ ان چیزوں کو جلد از جلد ریلیز کیا جانا چاہیے۔ کے ٹی بی اے نے مزید مطالبہ کیا کہ ایڈوانس انکم ٹیکس کی وصولی کے لیے سخت اقدامات شروع کرنے سے پہلے قانونی طریق؟ کار پر عمل کیا جائے اور ٹیکس دہندگان کو تعمیل کے لیے مناسب موقع اور کافی وقت دیا جائے۔ ٹیکس بار نے گوشواروں سے متعلق نوٹیفکیشنز کے اجرا میں تاخیر، آئی آر آئی ایس پورٹل پر مسلسل درپیش مسائل اور بڑی مقدار میں ڈیٹا اپ لوڈ کرنے میں مشکلات کی بھی نشاندہی کی۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

اشتراک سے گڈاپ ٹاؤن، کراچی میں ضبط شدہ اور بحق سرکار ضبط کی گئی ممنوعہ اشیاء تلف کرنے کی مشترکہ تقریب منعقد کی۔ تلف کی جانے والی اشیاء میں 7.124 ارب روپے مالیت کی منشیات، بھاری مقدار میں شراب اور دیگر ممنوعہ اشیاء شامل تھیں جن میں زائد المیعاد اور جعلی مصنوعات بھی شامل ہیں۔ ان دیگر اشیاء کی مالیت تقریباً 586.58 ملین روپے تھی جبکہ تلف کی جانے والی تمام اشیاء کی مجموعی مالیت 7.711 ارب روپے بنتی ہے یہ کارروائی کسٹمز ایکٹ، 1969 اور کسٹمز جنرل آرڈر (سی جی او) نمبر 12/2002 کے تحت مقررہ قانونی طریقہ کار کے مطابق عمل میں لائی گئی۔ پاکستان کسٹمز نے اسمگلنگ اور ممنوعہ اشیاء کی غیر قانونی تجارت کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رکھنے، عوامی صحت کے تحفظ، قومی محصولات کی حفاظت اور قانونی تجارت کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

خزانے کو ہر ماہ اربوں روپے کی ادائیگی بھی یقینی بنائی جائے، اپیمیا کے عہدیداران کا مزید کہنا تھا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے اس بات کو شدت سے محسوس کیا جا رہا تھا کہ سرکاری اداروں میں موجود بدعنوان افسران کی من مانیوں کو بروقت ارباب اختیار کے علم میں لانے اور قانونی امپورٹرز کو حقیقی ریلیف فراہم کرنے کے لیے قانونی دائرہ کار کے تحت مشترکہ جدوجہد کا باقاعدہ آغاز کیا جائے تاہم کئی برس گزر جانے کے باوجود اس حوالے سے عملی اقدامات کا فقدان تھا، ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے مطابق انھوں نے اس اہم ترین مقصد کی تکمیل کے لیے اپنے حصے کا دیا جلا دیا ہے، اب اشد ضروری ہے کہ حکومتی سطح پر رجسٹرڈ تمام امپورٹرز، مینوفیکچرز اور ٹریڈرز،، آل پاکستان ہیٹل نیٹ مینوفیکچررز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن کی ویب سائٹ کے ذریعے اپنی اپنی ممبر سازی کو یقینی بنائیں تاکے اس اہم مرحلے کی تکمیل کے فوری بعد اتفاق رائے سے تشکیل دیے جانے والے متفقہ لائحہ عمل کے ذریعے منسٹری فوڈ، کسٹمز اور دیگر متعلقہ محکموں سے مشاورت میں مزید تیزی لائی جاسکے اپیمیا کے عہدیداران کے مطابق اس صنعت سے منسلک اسٹیک ہولڈرز کی ایسوسی ایشن میں فوری شمولیت نہ صرف ملکی معیشت کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگی بلکے اس معتبر پلیٹ فارم کے ذریعے قانونی امپورٹرز، مینوفیکچررز اور ٹریڈرز کے مسائل بھی ترجیحی بنیادوں پر حل ہوں گے۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

زرمبادلہ قومی خزانے کے حوالے کیا تھا، سندھ ہائی کورٹ میں سماعت کے دوران اسٹیٹ بینک سمیت متعدد بینکوں نے جواب داخل کرنے کے لیے مہلت مانگ لی ہے، واضح رہے کے کالے بچھو کا زہر انتہائی جان لیوا ہونے کے باوجود تقریباً ایک دہائی قبل تک شہریوں نے اسے زندہ پکڑنے کے لیے اپنی زندگیوں کو بھی داؤ پر لگا دیا تھا، اس کی بڑی وجہ ان بچھوؤں کی قیمتوں میں ناقابل یقین حد تک اضافہ ہونا تھا، اس وقت بتایا جا رہا تھا کے کالے بچھوؤں کے زہر سے کینسر اور دیگر جان لیوا امراض کی دوا تیار کی جاتی ہے جس کے بعد کالا بچھو سونے کے بھاؤ بکنے لگا، تاہم ماہرین کا اس بارے میں کہنا تھا کے تحقیقات کے دوران ایسے کسی بھی ادارے کا پتہ نہیں چل سکا تھا جہاں کالے بچھو کے زہر سے انسان کو فائدہ پہنچانے والی کوئی دوا تیار ہوتی ہو تاہم یہ سلسلہ کئی برس تک تیزی سے جاری رہا۔ اطلاعات کے مطابق تھر میں کالنجر کے پہاڑ ان زہریلے بچھوؤں کا مسکن ہیں، جہاں یہ پتھروں درختوں اور جھاڑیوں کی گہری جڑوں میں رہتے ہیں، چند برس قبل تک مقامی افراد کی بڑی تعداد ان بچھوؤں کو پکڑتی دکھائی دیتی تھی اور پابندی کے باوجود کراچی اور دیگر بڑے شہروں سے آنے والے خریدار بھی سرگرم تھے، اطلاعات کے مطابق 50 سے 80 گرام وزن کا بچھو 10 لاکھ اور 80 سے 120 گرام کے بچھو کی قیمت 40 لاکھ تک ہونے کے دعوے کیے جاتے رہے تاہم اچانک یہ سلسلہ مکمل طور پر ختم ہوگیا اور کالے بچھوؤں کو پکڑنے اور خرید وفروخت کرنے والے تمام افراد بھی منظر عام سے غائب ہوگئے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

میں سعودی عرب کے نو منتخب سفیر ڈاکٹر رانج تامی البقامی سے ملاقات کے دوران یہ باتیں کہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ وزیراعظم نے ان حملوں کی مذمت کی جن کے نتیجے میں پاکستانی شہریوں سمیت عام شہری جاں بحق اور زخمی ہوئے۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب ہمیشہ ایک دوسرے کی حمایت کرتے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد دونوں ممالک کے دیرینہ تعلقات میں اہم سنگ میل ہیں جو علاقائی امن وسلامتی کے لیے ان کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران پاکستان اور سعودی عرب کے دوطرفہ تعلقات میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے۔ انہوں نے مختلف شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے لیے موجودہ ادارہ جاتی نظام کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ بھی کیا۔ انہوں نے پاکستان کے لیے سعودی قیادت کی دیرینہ اقتصادی اور مالی معاونت پر بھی شکریہ ادا کیا۔ شہباز شریف نے سعودی سفیر رانج تامی البقامی کو پاکستان آمد پر خوش آمدید کہا، انہیں تقرری پر مبارک باد دی اور دونوں ممالک کے تعلقات مزید مستحکم بنانے کے لیے اسلام آباد کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ وزیراعظم نے سعودی سفیر کے لیے ان کی سفارتی ذمہ داریوں میں کامیابی کی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

ضوابط کی خلاف ورزی کرے گا اس کا انجام تباہی ہوگا۔ ایرانی سرکاری خبر ایجنسی ارنا کے مطابق پاسداران انقلاب نیوی نے اپنے بیان میں کہا کہ آبنائے ہرمز سے جہازوں کا گزرنا ممنوع ہے۔ جو جہاز ایرانی قوانین کی خلاف ورزی کریں گے، وہ امریکی دہشتگرد فوج پر بھروسہ کرنے کی آگ میں جل کر راکھ ہوں گے۔ پاسداران انقلاب کے مطابق آج صبح ایک سپر ٹینکر جو 20 لاکھ بیرل سے زائد خام تیل لے کر غیر مجاز راستے سے آبنائے ہرمز عبور کرنے کی کوشش کر رہا تھا وہ بحری بارودی سرنگ سے ٹکرا کر آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ یہ اکیلا واقعہ نہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں میں یہ تیسرا یا چوتھا بڑا واقعہ ہے متحدہ عرب امارات سے منسلک ٹینکر 'MT 3'ST دھماکے کے بعد آبنائے ہرمز میں جل اٹھا۔ سعودی ساحل کے قریب دو دیگر ٹینکرز پر بھی حملے 13 اکتوبر کو کنٹینر شپ بھی اسی علاقے میں ڈوبا تھا۔ خیال رہے کہ بھارتی وزارت جہاز رانی نے تصدیق کی ہے کہ 15 بھارتی عملے والے ایک ٹینکر پر بھی میزائل حملہ ہوا، تاہم عملہ محفوظ رہا۔ پاسداران انقلاب کے ترجمان سردار مجبی نے کہا تھا کہ آبنائے ہرمز کے کھلا ہونے کا مطلب روزانہ 125 جہاز اور 2 کروڑ بیرل تیل کا گزرنا ہے۔ کیا اب ایسا ہو رہا ہے؟ نہیں۔ اس لیے آبنائے بند ہے۔ امریکہ رات کے اندھیرے میں ایک آدھ جہاز نکال کر کہتا ہے آبنائے کھلی ہے، یہ اسمگلنگ ہے، کھلا ہونا نہیں۔ آبنائے ہرمز دنیا کا سب سے اہم توانائی کا راستہ ہے، دنیا کا تقریباً 20 فیصد تیل اسی تنگ راستے سے گزرتا ہے۔ انٹرنیشنل میری ٹائم آرگنائزیشن (IMO) نے ایڈوائزری جاری کی ہے کہ غیر ہٹائی گئی بحری سرنگوں کی وجہ سے نیویگیشن غیر محفوظ ہے۔ برطانوی میری ٹائم ادارے نے کہا ہے کہ حملوں کا شکار کئی جہاز تجارتی جرمانوں کے ڈر سے باضابطہ مدد کی کال بھی نہیں کر رہے۔ دوسری جانب امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے بیک ڈور مذاکرات جاری ہیں لیکن امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تہران کی حالیہ پیشکش مسترد کر دی ہے۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

’قراقرم 2026‘ کی افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، مشترکہ مشق میں ڈرون آپریشنز، دوران حرکت اہداف کی تلاش اور فائرنگ کی خصوصی تربیت شامل ہے، پاک، چین فوجی مشق میں طویل فاصلے سے نشانہ بازی، مشترکہ کمانڈ اور عملی جنگی مشقوں پر بھی توجہ دی جا رہی ہے، دونوں ممالک کی افواج کا انسداد دہشت گردی کے تجربات کا تبادلہ، پاک فوج کے جوانوں نے چینی ہتھیاروں کا مشاہدہ بھی کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ فوجی مشق کا مقصد انسداد دہشت گردی میں دوطرفہ تعاون بڑھانا اور دونوں افواج کے درمیان عملی ہم آہنگی مضبوط بنانا ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

پر روسی حملے کے بعد سے بین الاقوامی مالیاتی و فنانشل کمیٹی (آئی ایم ایف سی) میں شدید اختلافات پائے جاتے ہیں جس کے باعث گزشتہ برسوں کے دوران کمیٹی اتفاق رائے پر مبنی بیانات جاری کرنے میں ناکام رہی ہے۔ گذشتہ ہفتے بنکاک میں آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے دوران بھی گہری تقسیم دیکھنے میں آئی جہاں امریکا اور یوکرین کے درمیان نئی کشیدگی نے بھی سر اٹھایا۔ ایک ذرائع نے بتایا کہ یورپی یونین کے ارکان سمیت کئی ممالک کے وفود اجلاس سے واک آؤٹ کر گئے۔ اجلاس میں موجود ایک دوسرے عہدیدار نے بتایا کہ روسی عہدیدار کی تقریر شروع ہوتے ہی تقریباً ایک درجن مندوبین کمرے سے باہر چلے گئے۔ عہدیدار کے مطابق اجلاس سے واک آؤٹ کرنے والوں میں ڈنمارک، سویڈن، فن لینڈ، ناروے، لتھوانیا، لٹویا اور ایسٹونیا کے مندوبین بھی شامل تھے۔ ایک یورپی سفارت کار نے کہا کہ یوکرین کی جنگ یورپ کے لیے بقا کا مسئلہ ہے۔ ہم روس کے ساتھ تعلقات کو معمول پر نہیں لا سکتے۔ قبل ازیں جرمنی نے روس کو دوبارہ عالمی سطح پر فعال کردار دینے کی کوششوں کے خلاف خبردار کیا تھا۔ یہ بیان روسی وزیر خزانہ انتون سیلوانوف کی جی 20 کے وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے سربراہان کے اجلاس میں شرکت کے بعد سامنے آیا۔ اس سے صرف ایک ماہ سے کچھ زائد عرصہ قبل امریکا نے شمالی کیرولائنا کے شہر ایشویل میں ہونے والے اجلاس میں سیلوانوف کی میزبانی کی تھی، جو یوکرین پر روسی حملے کے بعد جی 20 کے کسی اجلاس میں ان کی پہلی بالمشافہ شرکت تھی۔ امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکریٹری ایرن براؤن نے اسی روز رائٹرز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جی 20 ممالک کی موجودہ سربراہ امریکا، یورپی ممالک کے تحفظات کے باوجود روس کی اجلاس میں شرکت کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا خیال ہے کہ اگر آپ کسی بحران کا حل چاہتے ہیں تو کھلے مکالمے اور بات چیت کا ہونا انتہائی ضروری ہے۔ اگر کوئی ایک دوسرے سے بات ہی نہیں کرے گا تو نہ مکالمہ ممکن ہے اور نہ ہی تنازع کا حل نکالا جاسکتا ہے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

اور فنانس ایکٹ 2026 کے ذریعے متعارف کرائی گئی دیگر ٹیکس ریلیف اقدامات کے باوجود حاصل کی گئی ہے، ابتدائی اعداد وشمار کے مطابق خالص ٹیکس وصولیوں میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں جمع کیے گئے 2,889 ارب روپے کے مقابلے میں تقریباً 7 فیصد اضافہ ہوا۔ ایف بی آر نے سہ ماہی ہدف سے تقریباً 30.5 ارب روپے زیادہ محصولات جمع کیے۔ ریفنڈز کی ادائیگی سے قبل مجموعی وصولیاں 3,286.7 ارب روپے رہیں جبکہ ہدف 3,047 ارب روپے مقرر کیا گیا تھا جو تقریباً 8 فیصد اضافے کی عکاسی کرتا ہے۔ سہ ماہی اور ستمبر کے محصولات کے اہداف بھی تقریباً ایک، ایک فیصد تجاوز کر گئے، ستمبر، جو سہ ماہی کا آخری اور سب سے زیادہ محصولات جمع کرنے والا مہینہ تھا میں خالص ٹیکس وصولیاں 1,360.7 ارب روپے رہیں جبکہ ماہانہ ہدف 1,343 ارب روپے مقرر تھا۔ یہ وصولیاں گزشتہ سال ستمبر میں جمع کیے گئے 1,229 ارب روپے کے مقابلے میں تقریباً 11 فیصد زیادہ ہیں جو اس ماہ محصولات جمع کرنے کی کارکردگی میں بہتری کو ظاہر کرتی ہیں. محصولات کی وصولی میں یہ اضافہ ٹیکس ریفنڈز میں اضافے کے ساتھ حاصل کیا گیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وصولیوں کے اعداد وشمار ٹیکس دہندگان کو واجب الادا ریفنڈز روکنے کے باعث بہتر نہیں ہوئے۔ ایف بی آر نے رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران 203.2 ارب روپے کے ٹیکس ریفنڈز ادا کیے جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ رقم 159 ارب روپے تھی، یوں ریفنڈز کی ادائیگی میں تقریباً 28 فیصد اضافہ ہوا۔ سیلز ٹیکس ریفنڈز 112 ارب روپے سے بڑھ کر 130 ارب روپے جبکہ انکم ٹیکس ریفنڈز 32 ارب روپے سے بڑھ کر 51 ارب روپے ہوگئے۔ صرف ستمبر کے دوران 47 ارب روپے کے ریفنڈز ادا کیے گئے جبکہ گزشتہ سال اسی ماہ یہ رقم 35 ارب روپے تھی۔ پہلی سہ ماہی میں محصولات کی وصولی کی کارکردگی جون میں منظور کیے گئے بجٹ کے تحت متعارف کرائے گئے ٹیکس ریلیف اقدامات کے اثرات کی عکاسی کرتی ہے۔ ان اقدامات کے تحت تنخواہ دار افراد کے لیے انکم ٹیکس کی شرح کم کی گئیں اور بعض کاروباری اداروں پر سپر ٹیکس کا بوجھ گھٹایا گیا جبکہ اس کے مقابلے میں نئے ٹیکسز کا کوئی مساوی پیکیج متعارف نہیں کرایا گیا۔ تنخواہ دار طبقے کے لیے سالانہ 22 لاکھ سے 32 لاکھ روپے تک آمدن پر انکم ٹیکس کی شرح 23 فیصد سے کم کر کے 20 فیصد کر دی گئی۔ اسی طرح 32 لاکھ سے 41 لاکھ روپے تک آمدن پر ٹیکس کی شرح 30 فیصد سے گھٹا کر 25 فیصد جبکہ 41 لاکھ سے 56 لاکھ روپے تک آمدن پر شرح 35 فیصد سے کم کر کے 29 فیصد کر دی گئی۔ اس سے قبل 41 لاکھ روپے سے زائد آمدن پر لاگو ہونے والی 35 فیصد کی بلند ترین ٹیکس شرح اب 70 لاکھ روپے سے زیادہ سالانہ آمدن پر لاگو ہوگی۔ اس کے علاوہ ایک کروڑ روپے سے زائد سالانہ تنخواہ پر عائد 9 فیصد سرچارج بھی ختم کر دیا گیا ہے۔ بجٹ میں ڈیڑھ کروڑ سے 50 کروڑ روپے تک کاروباری آمدن پر سپر ٹیکس کی مختلف شرحیں ختم کر دی گئیں جبکہ زیادہ تر شعبوں کے لیے 50 کروڑ روپے سے زائد آمدن پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے کم کر کے 8 فیصد کر دی گئی۔ جائیدادوں کی خرید و فروخت پر ودہولڈنگ ٹیکس کی شرح بھی کم کی گئیں۔ ان اقدامات کا اطلاق یکم جولائی سے تنخواہوں سے انکم ٹیکس کی کٹوتیوں، کمپنیوں کی جانب سے ایڈوانس ٹیکس کی ادائیگیوں اور جائیدادوں کے لین دین پر ودہولڈنگ ٹیکس کی وصولی پر ہوا۔ نتیجتاً وفاقی ٹیکس آمدن کا سب سے بڑا حصہ انکم ٹیکس کی وصولی رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے 1,365 ارب روپے کے مقابلے میں تقریباً 5 فیصد اضافے سے 1,437 ارب روپے ہوگئی تاہم اس مد میں وصولیاں مقررہ ہدف سے معمولی کم رہیں۔ ٹیکس کی شرح میں کمی اور انکم ٹیکس ریفنڈز میں اضافے کے باوجود وصولیوں میں بہتری آئی جس کی وجہ حکام نے ٹیکس نیٹ میں توسیع اور ٹیکس قوانین پر عمل درآمد میں بہتری کو قرار دیا ہے۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

اس سہولت کے تحت اسلام آباد کے مرکزی دفتر کے علاوہ لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ اور گجرات میں قائم لائزن دفاتر سے متعلقہ دستاویزات کی تصدیق بھی ممکن ہوگی۔ نظام کے تحت درخواست دہندگان جنرل اور اپوسٹل اٹیسٹیشن کے لیے آن لائن کارروائی مکمل کر کے مقررہ فیس ادا کریں گے، جس کے بعد تصدیق شدہ سرٹیفکیٹ ای میل کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ وزارت کے مطابق یہ نظام ہائر ایجوکیشن کمیشن کے طرز پر تیار کیا گیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد دستاویزات کی تصدیق کے عمل کو تیز، آسان اور شفاف بنانا ہے تاکہ شہریوں کو بار بار دفاتر جانے کی ضرورت نہ پڑے اور ان کے وقت اور اخراجات کی بچت ہو۔ تاہم مخصوص معاملات میں درخواست دہندگان کو ذاتی طور پر حاضر ہونا پڑ سکتا ہے۔ وزارت خارجہ کے مطابق دستاویزات کی تصدیق کے خواہش مند افراد سرکاری آن لائن پورٹل کے ذریعے اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

نے شرجیل انعام میمن سے ملاقات کی اور کمپنی کی جانب سے سندھ میں الیکٹرک بسیں متعارف کرانے کے لیے تعاون اور معاونت کی پیشکش کی۔ شرجیل انعام میمن نے ہائیگر بس کمپنی کے نائب صدر لیو ژینگ سے بھی ملاقات کی اور کراچی میں ڈبل ڈیکر بسوں کو فعال بنانے کے لیے ان کی فراہمی کا عمل تیز کرنے پر زور دیا، جس پر کمپنی نمائندوں نے بسوں کی پہلی کھیپ نومبر 2026 میں فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ملاقاتوں کے دوران گرین انرجی اور سندھ کے ٹرانسپورٹ نظام کو مزید مؤثر، متحرک اور جدید بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقاتوں میں سیکریٹری پی اینڈ ڈی نجم شاہ، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ اسد ضامن اور دیگر حکام بھی شریک تھے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ حکومت سندھ کراچی سمیت پورے سندھ میں ٹرانسپورٹ نظام کو بہتر بنانے کے لیے متعدد اقدامات پر کام کر رہی ہے۔ بی آر ٹی کی مختلف لائنوں کو فعال اور آپریشنل بنانا اور عوام کو جدید، مؤثر اور معیاری سفری سہولیات فراہم کرنا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

پر 11 فیصد اضافہ ہوا۔ جولائی تا ستمبر 2026 میں پاکستانی فری لانسرز کی ایکسپورٹ ارننگ 55 کروڑ ڈالر رہی، یعنی رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ان کی ایکسپورٹ ارننگ میں 46 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل پاکستانی فری لانسرز نے مجموعی طور پر مالی سال 26-2025 میں ایک ارب 76 کروڑ ڈالرز کا زرمبادلہ کمایا تھا.

بقیہ 18 تجارت نیوز

گئی ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق سی پی پی اے کی اس درخواست پر 29 اکتوبر کو سماعت کی جائے گی۔ اس سلسلے میں حکام نے ستمبر کے مہینے میں بجلی کی اوسط فیول لاگت 10 روپے 2 پیسے فی یونٹ ظاہر کی ہے، جبکہ اس کا تخمینہ 7 روپے 46 پیسے لگایا گیا تھا۔ درخواست میں بتائی گئی تفصیلات کے مطابق ستمبر کے دوران بجلی کی پیداوار پر کل لاگت 127 ارب 87 کروڑ روپے تک پہنچ گئی۔ اس دوران مقامی کوئلے سے 7 ارب 95 کروڑ، درآمدی کوئلے سے 37 ارب 14 کروڑ، جبکہ ڈیزل اور فرنس آئل کے استعمال پر بالترتیب 13 ارب 26 کروڑ اور 11 ارب 81 کروڑ روپے خرچ ہوئے۔ سی پی پی اے کے اعداد وشمار کے مطابق مقامی گیس سے بجلی بنانے پر 13 ارب 89 کروڑ اور ایل این جی کے ذریعے پیداوار پر 31 ارب 93 کروڑ روپے کی لاگت آئی۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کے مطابق ستمبر کے دوران بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی جانب سے صارفین کو مجموعی طور پر 12 ارب 76 کروڑ یونٹ بجلی فروخت کی گئی۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

عالمی بینک کے سالانہ اجلاس کے موقع پر کرسٹالینا جارجیوا نے مصنوعی ذہانت، مہنگائی، بڑھتے قرضوں اور موسمیاتی تبدیلی کو معیشت کے لیے بڑے خطرات قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ توانائی اور مالی وسائل کی کمی سے معیشت پر دباؤ بڑھ رہا ہے جبکہ مہنگائی اور شرح سود میں اضافے کے باعث مختلف ممالک کے لیے قرضوں کی ادائیگی مسلسل مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ آئی ایم ایف سربراہ نے زور دیا کہ مصنوعی ذہانت سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے لیکن اس کے ساتھ عوام اور کاروباری اداروں کا تحفظ بھی یقینی بنانا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مرکزی بینکوں کو چاہیے کہ وہ مہنگائی پر قابو پانے اور قیمتوں کو مستحکم رکھنے پر مکمل توجہ دیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سائبر حملوں اور مالی دھوکا دہی سے بچاؤ کے لیے نگرانی کا نظام مزید سخت کرنا ہوگا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

پیش کی۔ وفد نے چیمبر کے نومنتخب پریزیڈنٹ نوشیروان خلیل خان، سینئر وائس پریزیڈنٹ وسیم اسلم، اور وائس پریزیڈنٹ اکرام عباسی کو گلدستے پیش کیے اور ان کی کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مبارکباد دینے کے ساتھ ساتھ، شیخ عبدالوحید نے وفد کے ہمراہ چیمبر کی نئی قیادت کو ہوٹل اور ریسٹورنٹ کی صنعت کو درپیش اہم مسائل اور چیلنجز سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ وفد کے مطابق مقامی سطح پر مختلف محکموں کی طرف سے عائد کردہ بھاری ٹیکسز اور لائسنس کے حصول میں دباؤ اور تاخیر کاروباری روانی کو متاثر کر رہی ہے۔ علاوہ ازیں بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث ہوٹل اور ریسٹورنٹ سیکٹر کی آپریشنل لاگت میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے۔ وفد نے فوڈ اتھارٹی اور دیگر انتظامی اداروں کی طرف سے اچانک اور سخت چیکنگ کے طریقہ کار کو مزید کاروباری دوست بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ راولپنڈی چیمبر کے صدر نوشیروان خلیل خان اور ان کی ٹیم نے وفد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یقین دلایا کہ ہوٹل اور ریسٹورنٹ انڈسٹری شہر کی معیشت اور سیاحت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ چیمبر ان مسائل کو ضلعی انتظامیہ، فوڈ اتھارٹی اور حکومت کے اعلیٰ ایوانوں تک مؤثر انداز میں پہنچائے گا تاکہ تاجروں کو سازگار اور پرسکون کاروباری ماحول فراہم کیا جاسکے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

ہوتے ہیں جو ملک کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کے 15 سے 20 فیصد کے برابر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھربوں روپے کی سرکاری خریداری کی نگرانی صرف شکایات اور دستی جانچ سے ممکن نہیں۔ یہ اے آئی نظام تحقیقاتی وسائل کو زیادہ خطرے والے معاملات پر مرکوز کرنے میں مدد دے گا۔ سی سی پی نے واضح کیا ہے کہ نظام سے پیدا ہونے والے الرٹس کسی خلاف ورزی یا کارٹل کا حتمی تعین نہیں ہوں گے، بلکہ ہر الرٹ کی آزادانہ تصدیق، شواہد جمع کرنے اور قانونی جانچ ضروری ہوگی۔ یہ بڈ رگنگ ڈیٹیکشن سسٹم قبل از نفاذ انتظامات کے پیش رفتہ مرحلے میں ہے اور اس جدید نظام کو اسٹینفورڈ کی عالمی اینٹی ٹرسٹ رپورٹ میں بھی شامل کیا گیا ہے، جس میں دنیا کے 30 کمپٹیشن اداروں کے تجربات پیش کیے گئے ہیں۔ نظام کے نفاذ کے لیے وفاقی و صوبائی پروکیورمنٹ اتھارٹیز اور ایس ای سی پی سے ادارہ جاتی مفاہمت طے پا گئی ہے، جس سے سرکاری خریداری میں منصفانہ مسابقت اور عوامی وسائل کے بہتر استعمال میں مدد ملے گی۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

روپے کا معاوضہ مقرر کر دیا ہے۔ جاری کردہ نظر ثانی شدہ قواعد کے تحت، 5 کروڑ روپے سے زائد کے متنازع ٹیکس واجبات کے تصفیے کے لیے کمیٹی کے چیئرمین کو 5 لاکھ روپے جبکہ ہر رکن کو ڈھائی لاکھ روپے یکمشت معاوضہ دیا جائے گا۔ تاہم کمیٹی میں شامل ان لینڈ ریونیو کا ایسا افسر جس کا عہدہ بی ایس 21 یا اس سے زیادہ ہو، مقررہ معاوضے کا اہل نہیں ہوگا۔ ایس آر او 1927(I)/2026 کے مطابق، نظر ثانی شدہ رول 231C کا اطلاق ان تمام تنازعات پر ہوگا جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 134A کے تحت حل کے لیے پیش کیے گئے ہوں یا جنہیں حل کے لیے متعلقہ دفعہ کے تحت نامزد کیا گیا ہو۔ قواعد میں متاثرہ شخص سے مراد ایسا فرد یا ادارہ ہے جس نے متعلقہ دفعہ کے تحت تنازع حل کرنے کے لیے درخواست دی ہو جبکہ کمیٹی سے مراد انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 134A کی ذیلی دفعہ (3) کے تحت تشکیل دی گئی کمیٹی ہے۔ ایف بی آر نے کمیٹی ارکان کے لیے سفری اور یومیہ الاؤنسز کی بھی منظوری دی ہے۔ کمیٹی کے چیئرمین کو وفاقی حکومت کے گریڈ 22 کے افسر کے مساوی سفری اور یومیہ الاؤنسز دیے جاسکیں گے جبکہ کمیٹی ارکان گریڈ 21 کے وفاقی سرکاری افسران کے مساوی الاؤنسز کے اہل ہوں گے۔ ترمیم شدہ قواعد کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 134A کے تحت تنازع حل کرانے کا خواہش مند متاثرہ شخص ایف بی آر کو تحریری درخواست جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ درخواست رول 231C کے شیڈول کے حصہ اول میں مقررہ فارم کے مطابق جمع کرانا ہوگی۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے مہنگائی پر جاری ہفتہ وار رپورٹ کے اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 9 ہفتے مہنگائی کے بعد گزشتہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی ہوئی اور مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار میں 0.04 کمی ہوئی ہے اور سالانہ بنیادوں پر مہنگائی میں اضافے کی رفتار بھی کم ہو کر 11.38 ہوگئی، ایک ہفتے میں میں 23 اشیائے ضرور یہ مہنگی، 7 اشیا سستی اور 21 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ اعدادوشمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے چکن کی قیمت میں 3.31 فیصد، دال چنا کی قیمت میں 4.97 فیصد، دال ماش کی قیمت میں 0.98 فیصد، دال مسور کی قیمت میں 0.65 فیصد، ایل پی جی کی قیمت میں 0.42 فیصد، ڈیزل کی قیمت میں 0.47 فیصد، جلانے والی لکڑی کی قیمت میں 0.69 فیصد، چائے کی قیمت میں 0.28 فیصد اور آٹے کی قیمت میں 3.36 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں چینی کی قیمتوں میں 0.62 فیصد، گڑ کی قیمت میں 0.36 فیصد، پیاز کی قیمت میں 4.90 فیصد، ٹماٹر کی قیمت میں 23.05 فیصد، پٹرول کی قیمت میں 0.70 فیصد اور کیلے کی قیمت میں 2.59 فیصد کمی واقع ہوئی ہے، اعداد وشمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریے کے لحاظ سے سالانہ بنیاد پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.06 فیصد کمی کے ساتھ 8.19 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کیلئے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.04 فیصد کمی کے ساتھ 10.11 فیصد رہی۔ اسی طرح 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.01 فیصد کمی کے ساتھ 8.99 فیصد، 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.02 فیصد کمی کے ساتھ 9.54 فیصد رہی۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

خرم شہزاد نے بتایا کہ ستمبر کی برآمدات دسمبر 2025 میں قائم ہونے والے 43 کروڑ 70 لاکھ ڈالر کے تاریخی ریکارڈ سے صرف 20 لاکھ ڈالر کم رہیں۔ آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کی برآمدات میں سالانہ بنیاد پر 18 فیصد جبکہ ماہانہ بنیاد پر 10 فیصد اضافہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 2027 کی پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) کے دوران آئی ٹی برآمدات کا مجموعی حجم 1 ارب 25 کروڑ ڈالر رہا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں تقریباً 18 فیصد زیادہ ہے۔ خرم شہزاد نے برآمدات میں اضافے کا سہرا مالی سال 2027 کے بجٹ میں برآمد کنندگان، بالخصوص آئی ٹی شعبے کے لیے متعارف کرائی گئی مخصوص مراعات اور ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کو دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اقدامات برآمدات، قرض کے بغیر زرمبادلہ کی آمدن، زیادہ قدر کی حامل ملازمتوں کے مواقع اور پاکستان کے عالمی منڈیوں سے انضمام کے عمل کو تقویت دے رہے ہیں۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

کار اور کسٹم رولز 2001 کے رول 67 کی کھلی خلاف ورزی کی بلکہ بدعنوانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کامیاب بولی دینے والے سے مقررہ 25 فیصد رقم جمع کرنے کے بجائے صرف 9 لاکھ روپے وصول کیے اور بعد ازاں کسٹم کے بدعنوان اہلکاروں نے یہ رقم بھی پراسرار طور پر واپس کر کے گاڑی کو دوبارہ نیلام کر دیا، جس سے قومی خزانے کو بھی بھاری نقصان پہنچایا گیا۔ ایف ٹی او کے سامنے نظر ثانی کی سماعت کے دوران کلکٹر کسٹم ڈاکٹر ناصر خان نے کسٹم ڈیپارٹمنٹ کی اس سنگین لاپرواہی اور بے ضابطگی کا اعتراف کیا کہ رقم کی واپسی میں ملوث کسٹم اہلکار کے خلاف محکمانہ انکوائری شروع کر دی گئی ہے، جبکہ کسٹم حکام نے شہری کو 9 لاکھ روپے کی رقم تاحال واپس نہ ملنے اور بغیر کسی رسمی تحریری نوٹس یا قانونی کارروائی کے فون کالز پر ہی معاملات چلانے اور شہری کو بلیک لسٹ کرنے جیسے غیر قانونی اقدامات کا بھی اعتراف کیا۔ فیڈرل ٹیکس محتسب نے اپنے فیصلے میں کسٹم ڈیپارٹمنٹ کو واضح ہدایت کی ہے کہ رقم کی مبینہ بدعنوانی میں ملوث کسٹم اہلکار کے خلاف جاری انکوائری کو بلا تاخیر قانون کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جائے اور اس پر کی جانے والی کارروائی کی رپورٹ متعلقہ اتھارٹی کو پیش کی جائے جبکہ کسٹم حکام کو خبردار کیا گیا ہے کہ مستقبل میں نیلامی کے تمام عمل، کامیاب بولی دہندگان سے خط و کتابت اور دیگر اقدامات کو قواعد وضوابط کے مطابق شفاف اور تحریری طور پر محفوظ بنایا جائے۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت ملک کی ٹیکس وصولی کی مکمل صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس کی حقیقی استعداد کے مطابق وصولیاں عوام کی خدمت کا ایک اہم ذریعہ ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چینی، سیمنٹ، تمباکو، ٹائلز اور کھاد کے شعبوں میں پیداواری نگرانی کے نظام مکمل طور پر نصب کیے جا چکے ہیں، ٹیکسٹائل، پیک شدہ پانی، پیک شدہ جوس اور پیک شدہ دودھ کی صنعتوں میں ان نظاموں کی تنصیب جاری ہے، جبکہ مطلوبہ آلات کی خریداری مکمل ہو چکی ہے۔ حکام کے مطابق اسٹیل، پولٹری اور ٹائر کے شعبوں کے لیے آلات کی خریداری 15 اکتوبر تک مکمل کرنے کا منصوبہ ہے، جبکہ چائے، گھریلو الیکٹرانکس، چمڑے، کاغذ و بورڈ اور خوردنی تیل و گھی کے شعبوں کے لیے آلات کی خریداری 30 اکتوبر تک مکمل کی جائے گی۔ توقع ہے کہ سال کے اختتام تک ان تمام شعبوں میں نگرانی کے نظام مکمل طور پر فعال ہو جائیں گے۔ وزیراعظم نے ان کاروباری اداروں کو سراہا جنہوں نے رضاکارانہ طور پر نگرانی کے نظام نصب کیے، بالخصوص ٹیکسٹائل کے شعبے میں، جہاں بعض صنعتوں نے اس نظام کے نفاذ کی مخالفت کی تھی۔ حکومتی اقدامات پر عمل درآمد کرنے والی جن کمپنیوں کو سراہا گیا، ان میں نشاط ملز، الکرم ٹیکسٹائل، الکرم کاٹن ملز، جے کے اسپننگ ملز، سورتی انٹرپرائزز، انٹرلوپ لمیٹڈ، فیصل اسپننگ ملز، ابراہیم فائبرز لمیٹڈ، سیفائر ٹیکسٹائلز لمیٹڈ اور نشاط چونیاں شامل ہیں۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

روسی آئل ریفائنریوں پر دوبارہ حملے شروع کر دیے ہیں، جس پر ٹرمپ نے شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے اسے ”شرمناک“ قرار دیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق یوکرینی ڈرونز نے روس کے ریازان خطے میں ایک آئل ریفائنری کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہاں آگ بھڑک اٹھی۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

کر دیا گیا ہے۔ نئے رولز کے تحت متبادل تنازعاتی حل کے لیے متاثرہ شخص کو بورڈ میں تحریری درخواست جمع کرانا ہوگی، درخواست گزار کو نامزد نمائندے کی شناختی دستاویزات اور رابطے کی تفصیلات بھی فراہم کرنا ہوں گی۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

پنجاب پولیس سے 30 ڈی ایس پیز، 30 انسپکٹرز، 115 سب انسپکٹرز 25 اے ایس آئیز اور 100 ہیڈ کانسٹیبلز اور کانسٹیبلز مانگے ہیں، 107 افسران و اہلکاروں کی ناموں کے ساتھ فہرست این سی سی آئی اے کو بھجوادی گئی ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

آ گئی۔ میڈیکل رپورٹ کے مطابق متوفی شاہزیب اور صبا کی موت گولی لگنے سے ہوئی جبکہ شائلہ، ایزل اور آریہ کی موت کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ شائلہ کے بازوؤں پر پرانے زخموں کے نشانات پائے گئے جبکہ شہزیب اور ان کی اہلیہ کے جسم کے مختلف حصوں پر ٹیٹو بنے ہوئے تھے، میڈیکل رپورٹ کے مطابق متوفین کی موت 12 اکتوبر کو دوپہر 3 بجے سے رات 8 بجے کے درمیان ہوئی تھی جبکہ پانچوں افراد کی لاشیں 13 اکتوبر کی صبح گھر سے ملی تھیں۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

ادارے ایف آئی اے، نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور قومی احتساب بیورو سمیت دیگر اداروں کے ساتھ بھی شیئر کی جاسکتی ہیں۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

او کا ادارے کے تمام چیفس سے تعارف بھی کرا دیا ہے، جس کے بعد پی آئی اے کی انتظامی قیادت میں تبدیلی کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، تاہم ان کی تقرری کو حتمی شکل دینے کے لیے متعلقہ قواعد وضوابط کے تحت ضروری منظوریوں اور رسمی کارروائیوں کی تکمیل باقی ہیں، ذرائع کا کہنا تھا کہ ایڈرین ہیملٹن مانز بین الاقوامی فضائی صنعت میں تقریباً تین دہائیوں کا تجربہ رکھتے ہیں۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

کیے ہیں جو ڈیجیٹل معیشت کی جانب نمایاں پیش رفت کی عکاسی کرتے ہیں، اس تبدیلی میں ڈیجیٹل ادائیگیوں کے بنیادی ڈھانچے کی تیز رفتار توسیع نے اہم کردار ادا کیا، گزشتہ مالی سال الیکٹرانک ادائیگیاں قبول کرنے والے تاجروں کی تعداد چار گنا بڑھ گئی۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

فیس کا تعین پاسپورٹ کی مدت، صفحات کی تعداد اور نارمل یا ارجنٹ کیٹیگری کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ 36 صفحات کے نارمل ای پاسپورٹ کی فیس 9 ہزار روپے جبکہ 72 صفحات کے پاسپورٹ کی فیس 16 ہزار 500 روپے مقرر ہے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

کے چیئرمین میاں شعیب نے چوہدری عامر، طارق راجپوت اعجاز احمد اور پاکستان بھر سے آئے ہوئے علاقائی سربراہوں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

کھول دیا جس کے بعد وہ ایسا کرنے والا دنیا کا دسواں ملک بن گیا۔ نئے صدر ایبلاردو ڈی لا ایسپریلا نے اپنے پیش رو کی اسرائیل سے تعلقات منقطع کرنے کی پالیسی واپس لیتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ بھی بحال کر دیا ہے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

سینٹ یا 0.34 فیصد اضافے کے ساتھ 106.28 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئے، جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل کے سودے 19 سینٹ یا 0.19 فیصد کمی کے بعد 97.78 ڈالر فی بیرل پر آ گئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے کے دوران برینٹ خام تیل کی قیمت میں 1.4 فیصد جبکہ ڈبلیو ٹی آئی کی قیمت میں 6.4 فیصد اضافہ ہوا۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

غزہ کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینی مسئلے کا منصفانہ حل خطے میں پائیدار امن کے لیے ضروری ہے اور اس مقصد کے لیے دو ریاستی حل ہی درست راستہ ہے۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

سے ملاقات کی جس میں ملک کی معاشی کارکردگی اور خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے اعلامیے کے مطابق یہ ملاقات تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں عالمی بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر ہوئی۔ ملاقات میں پاکستان کی معاشی پیش رفت، مالیاتی استحکام اور عالمی مالیاتی منڈیوں میں ملک کی پوزیشن بہتر بنانے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

حسین نے اس ملاقات میں اطالوی ہم منصب کو خطے میں جاری کشیدگی کے ملکی معیشت پر پڑنے والے اثرات سے بھی آگاہ کیا۔ عراقی وزارت تیل کے اعداد و شمار کے مطابق یکم سے 21 ستمبر کے دوران تیل کی برآمدات یومیہ 26 لاکھ بیرل رہیں۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

خزانہ نے بتایا کہ سی پیک کے پہلے مرحلے میں سڑکوں، بندرگاہوں اور بجلی گھروں سمیت بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر توجہ دی گئی، دوسرے مرحلے میں موجودہ بنیادی ڈھانچے سے معاشی فوائد حاصل کرنے، کاروباری مواقع بڑھانے اور مشترکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے پر کام کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

سپورٹس ایرینا کا تفصیلی دورہ بھی کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے سپورٹس ایرینا کا جائزہ لیا، کھلاڑیوں سے بات چیت کی، بچوں کی خواہش پر آٹوگراف دیے اور تصاویر بھی بنوائیں۔ وزیراعلیٰ نے کرکٹ ایرینا میں کھلاڑی سے بیٹ لے کر کرکٹ کھیلی اور فٹ بال کو کک لگا کر گیم کا آغاز کیا۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

پیدا کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ورک فار سندھ پر اب تک 51 لاکھ 90 ہزار سے زائد افراد وزٹ کر چکے ہیں، ایک لاکھ 36 ہزار 547 امیدوار رجسٹرڈ ہیں اور 721 کمپنیاں پلیٹ فارم پر موجود ہیں۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

ای سی پی نے سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لیے کمپنی کے بک بلڈنگ کے عمل کے بعد مزید کارروائی معطل کر دی تھی۔ اس کے بعد کمپنی نے رضاکارانہ طور پر آئی پی او واپس لے لیا، تاکہ اضافی انکشافات کے ساتھ بعد میں دوبارہ درخواست جمع کرائی جا سکے۔ ایس ای سی پی کے بیان کے مطابق، سرمایہ کاروں کو ان کی جمع کرائی گئی رقوم واپس کر دی گئی ہیں۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

سرگرمیاں انجام دی گئیں اور خدمات میں بہتری کے لیے اقدامات کیے گئے۔ پی ٹی اے نے بتایا کہ ٹیلی کام آپریٹرز کو موبائل نیٹ ورک کی کوریج اور وائس و انٹرنیٹ خدمات کے معیار سے متعلق نشاندہی کیے گئے مسائل مقررہ مدت میں حل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، اتھارٹی نے مزید کہا کہ فیصل آباد میں ٹیلی کام سائٹ کی بندش سے متعلق مسئلہ بھی کامیابی سے حل کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

7 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کر دیا گیا ہے۔ اس خسارے کی وجہ اسی ماہ کے دوران درآمدی بل میں نمایاں اضافہ اور برآمدات میں معمولی بڑھوتری رہی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے اعداد وشمار کے مطابق، ستمبر 2026 میں اشیا اور خدمات کی مجموعی برآمدات 3 ارب 95 کروڑ ڈالر رہیں، جو گزشتہ سال کے اسی مہینے میں ریکارڈ کیے گئے 3 ارب 42 کروڑ ڈالر کے مقابلے میں 15 فیصد سے زیادہ اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 77 ہزار 774 روپے ہوگئی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل سونے کی فی تولہ قیمت 4 لاکھ 37 ہزار 836 روپے ہوگئی تھی۔ دوسری جانب چاندی کی فی تولہ قیمت 108 روپے کے اضافے سے 6256 روپے ہوگئی ہے

بقیہ 48 تجارت نیوز

کی تاریخ میں توسیع کی گئی۔ واضح رہے کہ ملک میں انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد 68 لاکھ 15 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ تنخواہ دار طبقے کے علاوہ 45 لاکھ سے زائد افراد نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے جب کہ 22 لاکھ سے زائد تنخواہ دار افراد نے ٹیکس ریٹرن فائل کیے۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

مطابق، پراسپیکٹس میں دی گئی معلومات کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بنیاد پر فراہم کی گئی تھیں۔ گزشتہ ماہ تازہ پھلوں اور سبزیوں کی کاروباری کمپنی ایس ای فروٹس اینڈ ویجیٹیبل لمیٹڈ نے 3 کروڑ عام حصص کے آئی پی او کے لیے پراسپیکٹس جاری، تقسیم اور شائع کرنے کی ایس ای سی پی سے منظوری حاصل کی تھی۔ بعد ازاں، ایس ای سی پی نے سرمایہ کاروں کے تحفظ کے لیے کمپنی کے بک بلڈنگ کے عمل کے بعد مزید کارروائی معطل کر دی تھی۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

سے کمپنیوں کی ٹیکس واجبات وصول کرنے پر اعتراضات اٹھائے، صنعتی نمائندوں کے مطابق پاکستانی برآمد کنندگان بجلی کا نرخ 9 امریکی سینٹ فی یونٹ کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں جبکہ مسابقتی ممالک میں بعض جگہ بجلی تقریباً 5 سینٹ فی یونٹ دستیاب ہے۔

اسحاق ڈار کونسل آف اسٹیٹ سمٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گزشتہ ہفتے اشیائے ضروریات کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ

23 اشیائے ضروریہ مہنگی، 7 اشیا سستی اور 21 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت کی جانب سے ملک میں مسلسل 9 ہفتے مہنگائی میں اضافے کے بعد گذشتہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی اور مہنگائی کی شرح میں اضافے کی رفتار میں 0.04 فیصد کمی کے دعوؤں کے باوجود اس دوران 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

پاکستان کی آئی ٹی برآمدات بڑھ کر 43 کروڑ 50 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں

مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں مجموعی آئی ٹی برآمدات 1 ارب 25 کروڑ ڈالر رہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ ستمبر 2026 میں پاکستان کی آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کی برآمدات بڑھ کر 43 کروڑ 50 لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں، جو ماہانہ بنیاد پر اب تک کی دوسری بلند ترین سطح ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک پوسٹ میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

نئی دہلی: کانگریس جنتا پارٹی کے پرچم مارچ کا منظر، طلبہ رہنما نیہا بورا کو گرفتار کیا جا رہا ہے

گاڑیوں کی نیلامی میں بدعنوانی، کسٹمز افسران کے خلاف کارروائی کا حکم

نظر ثانی کی سماعت کے دوران کلکٹر کسٹم نے ڈیپارٹمنٹ کی اس سنگین لاپرواہی اور بے ضابطگی کا اعتراف کیا

وفاقی ٹیکس محتسب کا مستقبل میں نیلامی کے تمام عمل کو شفاف اور تحریری طور پر محفوظ بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی ٹیکس محتسب نے نان کسٹم پیڈ گاڑی کی نیلامی میں کسٹم حکام کی جانب سے کی جانے والی شدید بے ضابطگیوں، قانون شکنی اور بدعنوانی کا پردہ فاش کرتے ہوئے متعلقہ اہلکار کے خلاف جاری انکوائری کو منطقی انجام تک پہنچانے اور ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا حکم جاری کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مدعی عمر رحیم نے کسٹم کلکٹریٹ (انفورسمنٹ) حیدرآباد و سکھر کے تحت 23 فروری 2026 کو سکھر میں ہونے والی نیلامی کے دوران نان کسٹم پیڈ ٹویوٹا کراؤن ماڈل 2005 کی سب سے زیادہ 53 لاکھ روپے کی بولی دی تھی تاہم کسٹم افسران نے نہ صرف قانونی طریقہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

پیداواری شعبوں میں خودکار نگرانی نظام فعال کرنے کی ہدایت

صارفین سے وصول کردہ سیلز ٹیکس حکومت کو جمع نہ کرانے والے کاروباری ادارے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں

ٹیکس وصولی کی مکمل صلاحیت سے فائدہ اٹھانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں گے، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے ٹیکس چوری کی روک تھام اور کاروباری اداروں کی جانب سے واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنانے کے لیے تمام پیداواری شعبوں میں خودکار پیداواری نگرانی کے نظام نافذ کرنے کی آخری تاریخ 31 دسمبر مقرر کر دی ہے۔ وزیراعظم نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) میں اصلاحات سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیمروں پر مبنی نگرانی کے نظام کی تنصیب میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ صارفین سے وصول کردہ سیلز ٹیکس حکومت کو جمع نہ کرانے والے کاروباری ادارے کسی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

گلشن حدید میں گھر سے 5 لاشیں ملنے کا معاملہ، میڈیکل رپورٹ سامنے آگئی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) گلشن حدید کی بجی سوسائٹی میں گھر سے میاں بیوی اور بچوں سمیت 5 افراد کی لاشیں ملنے کے معاملے میں متوفین کی میڈیکل رپورٹ سامنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

این سی سی آئی اے نے پنجاب پولیس سے 300 افسران و اہلکار مانگ لیے

30 ڈی ایس پیز، 30 انسپکٹرز، 115 سب انسپکٹرز، 25 اے ایس آئی اور 100 اہلکار شامل ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے پنجاب پولیس سے 300 افسران و اہلکار مانگ لیے۔ اس حوالے سے ڈائریکٹر جنرل این سی سی آئی اے کی منظوری کے بعد آئی جی پنجاب کو مراسلہ بھجوا دیا گیا ہے۔ مراسلے کے مطابق این سی سی آئی اے نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

پی آئی اے کی قیادت میں بڑی تبدیلی، نیا سربراہ مل گیا

ایڈرین ہیملٹن مانز کو قومی ایئرلائن کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر نامزد کر دیا گیا ہے، ذرائع

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی قیادت میں اہم تبدیلی ہوئی ہے اور ایڈرین ہیملٹن مانز کو قومی ایئرلائن کا نیا چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) نامزد کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایڈرین ہیملٹن مانز اس سے قبل عمان کی فضائی کمپنی سلام ایئر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے خدمات انجام دے چکے ہیں اور انہیں کمرشل ایوی ایشن اور ایئرلائن مینجمنٹ کا وسیع تجربہ حاصل ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پی آئی اے کے چیئرمین نے نئے نامزد سی ای ای (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

یوکرین کے روسی تیل تنصیبات پر حملے، ٹرمپ ناراض

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) روس اور یوکرین کے درمیان توانائی کی تنصیبات پر حملے روکنے کے لیے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کوششوں کو بڑا دھچکا لگا ہے۔ یوکرین نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

ایف بی آر نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کر دیں

متبادل تنازعاتی حل کے لیے متاثرہ شخص کو بورڈ میں تحریری درخواست جمع کرانا ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے انکم ٹیکس رولز 2002 میں مزید ترامیم کر دیں، جس کے تحت متاثرہ شخص کو تحریری درخواست جمع کرانا ہوگی۔ ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس رولز 2002 میں ترامیم کر کے متبادل تنازعاتی حل سے متعلق رول 231 سی تبدیل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

ڈیجیٹل ادائیگیوں کی نگرانی اور ٹیکس اصلاحات کا فیصلہ

گزشتہ مالی سال میں الیکٹرانک ادائیگیاں قبول کرنے والے تاجروں کی تعداد چار گنا بڑھ گئی ہے

وزیراعظم کے کیش لیس پاکستان اقدام نے گزشتہ ایک سال کے دوران اہم سنگ میل عبور کیے ہیں، حکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے وزیراعظم کے کیش لیس پاکستان اقدام کو تیز کرنے کے لیے فعال ڈیجیٹل ادائیگی صارفین اور تاجروں کی نگرانی مزید سخت کرنے اور ٹیکس پالیسی میں اصلاحات متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے وزیراعظم کے کیش لیس پاکستان اقدام کے تحت ڈیجیٹل ادائیگیوں کے فروغ پر غور کے لیے فنانس ڈویژن میں اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سرکاری اور نجی شعبوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی جہاں ڈیجیٹل ادائیگیوں سے متعلق رواں سال کے کیش لیس پاکستان ڈیش بورڈ کے اشاریوں کا جائزہ لیا گیا اور اقدام کے اگلے مرحلے کے لیے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ حکام کے مطابق وزیراعظم کے کیش لیس پاکستان اقدام نے گزشتہ ایک سال کے دوران اہم سنگ میل عبور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

غیر قانونی اسکیموں کی نشاندہی کے لیے انٹیلی جنس یونٹ قائم

تصدیق شدہ معلومات مزید تحقیقات کے لیے ایس ای سی پی کو بھیجی جائیں گی

یہ یونٹ شکایات کا انتظار کیے بغیر عوامی طور پر دستیاب معلومات کی نگرانی کرے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایک کارپوریٹ انٹیلی جنس یونٹ قائم کرنے کی منظوری دے دی ہے، جس کا مقصد ایسی رجسٹرڈ کمپنیوں کی بروقت نشاندہی کرنا ہے جن پر پونزی یا پیرامڈ اسکیمیں چلانے، مطلوبہ لائسنس کے بغیر ڈپازٹس لینے یا قرضے دینے، یا منظور شدہ مقاصد سے تجاوز کرتے ہوئے کاروبار کرنے کا شبہ ہو۔ ذرائع کے مطابق یہ یونٹ شکایات موصول ہونے کا انتظار کیے بغیر ممکنہ خلاف ورزیوں کی نشاندہی کے لیے عوامی طور پر دستیاب معلومات کی نگرانی کرے گا، جن میں خبروں، سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل اشتہارات سے حاصل ہونے والی معلومات شامل ہیں۔ تصدیق شدہ معلومات مزید تحقیقات یا قانونی کارروائی کے لیے ایس ای سی پی کے متعلقہ شعبوں کو بھیجی جائیں گی۔ مناسب صورتوں میں یہ معلومات وفاقی تحقیقاتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

قائد ملت خان لیاقت علی خان کی برسی پر گورنر سندھ نہال ہاشمی مزار پر فاتحہ پڑھ رہے ہیں

پاکستانی ای پاسپورٹ کی نئی فیسوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا

فیس کا تعین پاسپورٹ کی مدت، صفحات کی تعداد اور کیٹیگری کی بنیاد پر کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی ای پاسپورٹ کی نئی فیسوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا، جس میں تمام کیٹیگریز کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ ذرائع کے مطابق آج سے پاسپورٹ بنوانے کے نظام میں تبدیلی کے ساتھ ہی ڈائریکٹوریٹ جنرل آف امیگریشن اینڈ پاسپورٹ نے پاکستانی شہریوں کے لیے ای پاسپورٹ (Passport-e) کی فیسوں کے مکمل شیڈول کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

کار ڈیلرز کا انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ اور وزارت صنعت کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

دونوں ادارے استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات کو ناکام بنا رہے ہیں، کار ڈیلرز ایسوسی ایشن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان کار ڈیلرز اینڈ امپورٹرز ایسوسی ایشن نے مطالبہ کیا ہے کہ استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمدات میں ایک سال تک روڑے اٹکانے والے انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ اور وزارت صنعت و پیداوار کے خلاف تحقیقات کی جائیں۔ یہ مطالبہ ایسوسی ایشن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

لائنز ایریا کی گلی میں راہ گیر آوارہ کتے کے قریب آنے پر تیزی سے گزر رہے ہیں

پی ٹی اے کے خدمات بہتر بنانے کے لیے اقدامات، ملک بھر میں نگرانی سخت

ٹیلی کام آپریٹرز کو موبائل نیٹ ورک سے متعلق مسائل مقررہ مدت میں حل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ٹیلی کمیونی کیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے روز کہا ہے کہ ٹیلی کام خدمات کا معیار بہتر بنانے، نیٹ ورک کی کارکردگی بڑھانے اور صارفین کی شکایات دور کرنے کے لیے ملک بھر میں نگرانی سخت کر دی گئی ہے۔ اتھارٹی کے ایک بیان کے مطابق، اس سلسلے میں 8 سے 14 اکتوبر 2026 کے دوران پی ٹی اے کے 10 زونل دفاتر کے ذریعے نگرانی کی مختلف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

ایس ای سی پی کا ایس ای فروٹس کے انکشافات پر کارروائی کا فیصلہ

کمپنی نے 3 کروڑ عام حصص کے آئی پی او تقسیم اور شائع کرنے کی ایس ای سی پی سے منظوری حاصل کی تھی

سرمایہ کاروں کے تحفظ کے پیش نظر کمپنی کے بک بلڈنگ کے عمل کے بعد مزید کارروائی معطل کر دی گئی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن (ایس ای سی پی) نے کہا ہے کہ ایس ای فروٹس اینڈ ویجیٹیبل لمیٹڈ کے ابتدائی عوامی پیشکش (آئی پی او) کے پراسپیکٹس میں اہم تضادات'' کے معاملے پر ضابطہ جاتی کارروائی شروع کی جا رہی ہے۔ کمیشن کے مطابق، پراسپیکٹس میں دی گئی معلومات کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی بنیاد پر فراہم کی گئی تھیں۔ گزشتہ ماہ تازہ پھلوں اور سبزیوں کی کاروباری کمپنی ایس ای فروٹس اینڈ ویجیٹیبل لمیٹڈ نے 3 کروڑ عام حصص کے آئی پی او کے لیے پراسپیکٹس جاری، تقسیم اور شائع کرنے کی ایس ای سی پی سے منظوری حاصل کی تھی۔ بعد ازاں، ایس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

19 مسلم ممالک کی یروشلم میں کولمبیا کا سفارت خانہ کھولنے کی شدید مذمت

پاکستان سمیت تمام ممالک کے وزرائے خارجہ نے مشترکہ بیان میں اسرائیلی اقدامات کو مسترد کر دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور 18 دیگر مسلم ممالک نے کولمبیا کی جانب سے مقبوضہ یروشلم میں سفارت خانہ کھولنے کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے منافی اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر منصفانہ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے عالمی کوششوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ کولمبیا نے چند روز قبل یروشلم میں اپنا سفارت خانہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

ستمبر میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 35 کروڑ 60 لاکھ ڈالر ہو گیا

نقصان کی وجہ درآمدی بل میں نمایاں اضافہ اور برآمدات میں معمولی تیزی بتایا جاتا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جمعے کے روز جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق، ستمبر 2026 میں پاکستان کے کرنٹ اکاؤنٹ کو 35 کروڑ 60 لاکھ ڈالر خسارہ ہوا۔ یہ خسارہ اگست 2026 میں ریکارڈ کیے گئے 7 کروڑ 30 لاکھ ڈالر کے خسارے کے بعد سامنے آیا ہے جبکہ ستمبر 2025 میں کرنٹ اکاؤنٹ 13 کروڑ 30 لاکھ ڈالر سرپلس میں رہا تھا۔ اگست 2026 کے خسارے کے اعداد و شمار پر نظر ثانی کرتے ہوئے اسے 9 کروڑ 80 لاکھ ڈالر سے کم کر کے (باقی صفحہ 03 بقیہ

جہانگیر آباد میں سڑک کنارے کھودے گئے گڑھے میں پانی کی لائن بچھائی جا رہی ہے

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں ہفتہ وار اضافے کی جانب گامزن

برینٹ خام تیل کے سودے 0.34 فیصد اضافے کے ساتھ 106.28 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گئے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں مستحکم رہیں اور مشرق وسطیٰ سے رسد کے بارے میں غیر یقینی صورت حال اور امریکا میں خام تیل کے ذخائر میں توقعات سے زیادہ کمی کے باعث ہفتہ وار اضافے کی جانب گامزن رہیں، جبکہ عالمی توانائی ایجنسی (آئی ای اے) کی جانب سے ڈیزل کے مزید ذخائر جاری کرنے کے فیصلے کے بعد یورپ میں ڈیزل کے منافع کے مارجن میں کمی آئی۔ گرینچ معیاری وقت کے مطابق صبح 11 بج کر 7 منٹ پر برینٹ خام تیل کے سودے 36 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

چاندی 108، سونا 2800 روپے مہنگا ہو گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی و مقامی مارکیٹوں میں چاندی اور سونے کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی بلین مارکیٹ میں سونا 28 ڈالر کے اضافے سے 4181 ڈالر فی اونس کا ہو گیا۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں سونے کے نرخ میں اضافے کے باعث مقامی سطح پر بھی فی تولہ سونا 2800 روپے کے اضافے سے 4 لاکھ 40 ہزار 636 روپے پر جا پہنچا۔ اسی طرح دس گرام سونے کی قیمت بھی 2401 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

حکومت سندھ کا طلبہ، نوجوانوں کیلئے انٹرن شپ، روزگار کے مواقع بڑھانے کا فیصلہ

ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ذریعے 31 ہزار 270 ملازمتوں کے مواقع دیے ہیں، شرجیل میمن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت سندھ نے طلبہ اور فارغ التحصیل نوجوانوں کے لیے انٹرن شپ اور روزگار کے مواقع بڑھانے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ 100 سے زائد کمپنیوں سے رابطے کیے جا رہے ہیں۔ سندھ کے سینئر صوبائی وزیر اور وزیر اطلاعات شرجیل انعام میمن نے کہا کہ انٹرن شپ اور روزگار کے مواقع بڑھانے کی غرض سے 100 سے زائد کمپنیوں کے ساتھ رابطے کیے جا رہے ہیں اور آئی ورک فار سندھ کے ذریعے نوجوانوں کی مہارتوں اور مارکیٹ کی ضروریات میں ہم آہنگی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

چین کا یہودی آبادکاری روکنے کا مطالبہ

باکو (مانیٹرنگ ڈیسک) چین کے وزیر خارجہ وانگ یی نے آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں اسرائیلی صدر اسحاق ہرزوگ سے ملاقات میں مشرق وسطیٰ کی صورت حال، فلسطینی مسئلے اور خطے میں امن کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے کہا ہے کہ خطے میں امن اور مفاہمت کا فروغ چین کی مشرق وسطیٰ پالیسی کا بنیادی ستون ہے۔ چینی وزیر خارجہ نے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

وزیراعظم کی موجودگی میں پاکستان روس کے وزرائے داخلہ MOU پر دستخط کر رہے ہیں

ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی آخری تاریخ میں ایک بار پھر توسیع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف بی آر نے ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی آخری تاریخ میں ایک بار پھر توسیع کر دی۔ ایف بی آر کی جانب سے ٹیکس گوشوارے جمع کرنے کی آخری تاریخ میں 31 اکتوبر تک توسیع کی گئی ہے۔ اس سے قبل ایف بی آر نے 30 ستمبر کو ٹیکس گوشوارے جمع کروانے کی تاریخ میں 15 اکتوبر تک توسیع کی تھی۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ تجارتی تنظیموں کی درخواست پر انکم ٹیکس گوشوارے جمع کروانے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

ایران امریکا کی جنگ میں عراق کے 60 ارب ڈالر ڈوب گئے

روم (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں امریکا اور ایران کے درمیان جنگ کے باعث عراق کو تقریباً 60 ارب ڈالر کا نقصان ہوا ہے، جبکہ تیل کی برآمدات میں کمی، زرمبادلہ کے ذخائر میں گراوٹ اور مہنگائی نے ملکی معیشت کو شدید بحران سے دوچار کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ بات عراق کے وزیر خارجہ فواد حسین نے روم میں اپنے اطالوی ہم منصب سے ملاقات کے دوران بتائی، عراقی وزیر خارجہ فواد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

پاکستان کا خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بی بی درجے تک پہنچنے کا ہدف

وزیر خزانہ اور گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی فچ ریٹنگز کے نمائندوں سے ملاقات

بینکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری لاتے ہوئے بی بی درجے تک پہنچنے کے لیے درکار شرائط کے بارے میں فچ ریٹنگز سے جائزہ طلب کر لیا ہے۔ اس سلسلے میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے فچ ریٹنگز کے نمائندوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

ایس ای سی پی کا ایس ای فروٹس کے انکشافات پر کارروائی کا فیصلہ

بے ضابطگیوں کی ذمہ داری کا تعین کرنے کے لیے کمپنی کے آئی پی او کا جائزہ لیا جا رہا ہے، کمیشن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن (ایس ای سی پی) نے کہا ہے کہ ایس ای فروٹس اینڈ ویجیٹیبل لمیٹڈ کے ابتدائی عوامی پیشکش (آئی پی او) کے پراسپیکٹس میں ''اہم تضادات'' کے معاملے پر ضابطہ جاتی کارروائی شروع کی جا رہی ہے۔ کمیشن کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

ساہیوال میں 5 ارب 61 کروڑ روپے کے 4 میگا پراجیکٹس کا آغاز

مریم نواز نے ساہیوال میں بیوٹیفکیشن ماڈل پراجیکٹ صدر بازار کا افتتاح بھی کیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ساہیوال میں 5 ارب 61 کروڑ روپے کے 4 میگا پراجیکٹس کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ساہیوال آمد پر ہر طرف پھول ہی پھول اور عوام ہی عوام نظر آنے لگی۔ عوام نے وزیراعلیٰ مریم نواز کی گاڑی پر منوں پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ وزیراعلیٰ نے ساہیوال آمد پر سب سے پہلے مریم نواز سپورٹس ایرینا کا افتتاح کیا اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

برآمدی صنعتوں نے بجلی کی قیمت میں اضافے کی تجویز مسترد کر دی

کم پیداوار اور کم استعمال کے باوجود مقررہ چارجز بڑھنے سے اضافی مالی بوجھ پڑے گا

پاکستانی برآمد کنندگان بجلی کا نرخ 9 امریکی سینٹ فی یونٹ کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی برآمدی صنعتوں نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں 5 سے 10 فیصد اضافے کی مجوزہ تجویز کی سخت مخالفت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ توانائی کی بڑھتی لاگت، مقررہ چارجز میں اضافے اور گزشتہ برسوں کے اخراجات و کمپنیوں کے انکم ٹیکس کا بوجھ صارفین پر منتقل کرنے سے ملکی برآمدات کی مسابقت مزید متاثر ہو سکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق سال 2027 کے لیے چار ڈسکوز کی ٹیرف درخواستوں پر عوامی سماعتوں کے دوران صنعتی نمائندوں نے نرخوں کی از سر نو ترتیب، مقررہ اخراجات کا حصہ بڑھانے، گزشتہ برسوں کے اخراجات کی وصولی اور صارفین (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

رواں مالی سال ترسیلات زر 44 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع

پاکستان کی واضح سمت امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقلی ہے

تمام دیرینہ شراکت داروں کے ساتھ اقتصادی روابط مزید مضبوط بنانا ہیں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کی واضح سمت امداد سے تجارت اور سرمایہ کاری کی جانب منتقلی ہے، حکومت عالمی شراکت داری مضبوط بنانے اور دو طرفہ اقتصادی تعلقات کو فروغ دینے پر توجہ دے رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان خلیجی ممالک، چین، امریکا اور دیگر دیرینہ شراکت داروں کے ساتھ اقتصادی روابط مزید مضبوط بنانا چاہتا ہے، چین اور امریکا کے ساتھ تعلقات کو ایک دوسرے کے متبادل کے بجائے بیک وقت آگے بڑھانا ہے، چین پاکستان کا دیرینہ شراکت دار ہے اور سی پیک، بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا اہم حصہ ہے۔ وفاقی وزیر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

البانیہ کے دارالحکومت ترانہ میں احتجاج کے دوران نذر آتش کی جانے والی املاک، مظاہرین وزیراعظم سے استعفے کا مطالبہ کر رہے ہیں

تجارت نیوز
میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے،
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
Tijaratnewshd@gmail.com
0313-1176161

حیدرآباد: جی ٹی گراؤنڈ میں کچرے کے ڈھیروں کے بیچ نوجوان کرکٹ کھیل رہے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے سم سم پرنٹرز آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا